جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ ہم کو کب تک بے وقوف بنایا جائے گا؟ جب تک ہم بنتے رہیں گے ہمیں بے وقوف بنایا جائے گا۔ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم بالکل کسی چیز کو سمجھتے نہیں ہیں۔ ہم بہت ہی بے وقوف ہیں۔ Sir, with due respect ہم نے پہلے دن سے کہا ہے کہ ان documents نے ثابت کیا ہے، ان کے اپنے دفتر کے document نے ثابت کیا ہے کہ یہ western route نہیں بنے گا۔ جب میاں صاحب نے مئی کے مہینے میں وعدہ کیا تو ہمیں یقین ہوا کہ شاید یہ بنے گا مگر اب میں یقین سے کہتا ہوں کہ بلوچستان کے دوستو اور خیبر پختونخوا کے ساتھیو! یہ جو گوادر Seaport بن رہی ہے وہاں پر ایک ائرپورٹ بن گیا ہے۔ گوادر کا یہ جو CPEC ہے اس سے خیبر پختونخوا کو 40 یا 45 کلو میٹر روڈ ملی ہے جو مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی مہربانی کی وجہ سے D.I. Khan آئے گی اور وہاں سے D.G. Khan جائے گی۔ یہ بات میں آپ کو لکھ کر دیتا ہوں۔ میرے بلوچستان کے دوستو! آپ سوچ لیں اور دیکھ لیں۔ یہ سڑک سیدھی خضدار کی طرف نہیں جائے گی۔ یہ سڑک پہلے D.G. Khan اور پھر اس سے آگے جائے گی۔ اس کے بعد میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ابھی چار برتھ ۔۔۔۔

جناب چیئرمین: الیاس بلور صاحب! آپ میری طرف دیکھیں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب چیئرمین! جب وہ کوئی بات کرے گا تو جواب تو دینا پڑے گا۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں، آپ مجھ سے بات کریں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: اچھا، جناب چیئرمین! چار برتھ اس وقت operative ہیں۔ Deep Sea پر کراچی میں چار برتھ operative ہو چکی ہیں اور تین یا دو برتھ اور بن رہی ہیں۔ تاج حیدر صاحب کو باقی برتھوں کے بارے میں پتا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ گوادر سی پورٹ پر ابھی تک Deep Sea کی ایک برتھ بھی نہیں بنی۔ اس کی ابھی تک feasibility report and PC-1 بھی نہیں بنا اور یہ کہتے ہیں کہ route گوادر کا ہوگا۔ اللہ کا واسطہ ہے کہ کتنا جھوٹ آپ بولیں گے۔ جھوٹ کی کوئی انتہا بھی ہوتی ہے۔ کسی وقت تو آکر سچ بولیں۔ جناب چیئرمین! میں یہ عرض کرتا ہوں کہ خضدار اور D.I. Khan کی جو روڈ ہے وہ وہی پاک جاپان روڈ بن رہی ہے اور وہی بنے گی۔ CPEC کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں۔ میں یہ دعوے سے کہتا ہوں کہ اس کا CPEC سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ جیسا کہ نعمان بھائی نے بتایا کہ اس میں صرف 11 million کی آپ کے پاس aid ہے اور

باقی آپ کا loan ہے۔ Loan کے rate کا بھی ہمیں پتا نہیں کہ کس rate پر ہے کیونکہ پارلیمنٹ سے یہ باتیں چھپائی جاتی ہیں۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ یہ ایک ایسی حکومت ہے کہ جو پارلیمنٹ سے باتیں چھپاتی ہے۔ ارے بھئی! کیوں چھپاتے ہو۔ چلو کیمرے میں یہ بات کر لیں۔ اگر آپ کو تکلیف ہے تو کیمرے میں کر لیں اور ہمیں بتائیں کہ کس rate پر آپ نے معاہدہ کیا ہے۔ میں مشاہد صاحب سے بھی ناراض ہوں اس لیے کہ انہوں نے میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ میں آپ کو ساتھ لے کر جاؤں گا لیکن یہ بھی مجھے ساتھ لے کر نہیں گئے۔

سینیٹر مشاہد حسین سید: نہیں، آپ کی پارٹی کے لوگ گئے تھے۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: نہیں، میری پارٹی کا ایک آدمی گیا تھا لیکن آپ نے مجھے کہا تھا کہ لے جاؤں گا۔

Mr. Chairman: No crosstalk. No crosstalk. Kindly address me.

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب چیئرمین! جہاں تک چھوٹے صوبوں کا تعلق ہے۔ میں تو آپ کو ہی address کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: نہیں، آپ مشاہد صاحب سے بھی باتوں میں لگ جاتے ہیں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: نہیں، میں نے صرف نام ان کا لیا ہے۔ نام کیوں لیا تھا؟ غلطی ہو گئی ہے۔

Mr. Chairman: Again you are indulging in that.

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب چیئرمین! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو چھوٹے صوبے ہیں وہ کہتے رہتے ہیں کہ ہم چھوٹے صوبے والے ہیں۔ یہ (xxx) میں جائیں۔

Mr. Chairman: The word is expunged.

سینیٹر الیاس احمد بلور: ہاں، میں بد دعا دے رہا ہوں۔ میں اپنے آپ کو بد دعا دے رہا ہوں۔ میں اس لیے بد دعا دے رہا ہوں کہ لاہور میں جب ہفتے کے دن کالا باغ ڈیم پر سیمینار ہوا تو اس میں کہا

---

xxx† *[Expunged as Ordered by the Chairman.]*

گیا کہ پانچ سات لوگ مر جائیں گے تو کہا گیا کہ مرنے دیں، پرواہ مت کریں۔ ہمارے تو لاکھوں لوگ مارے گئے ہیں۔ پختونخوا اور بلوچستان میں تو لاکھوں مارے گئے۔ دن میں دو دو سو اور تین تین سو آدمی دھماکوں میں مارے جاتے ہیں۔ وہ صرف اس لیے مارے جاتے ہیں کہ لاہور کے میرے ساتھی رات کو آرام کی نیند سوئیں۔ فرنٹ لائن پر ہم لوگ ہیں۔ جیسے آپ نے کہا تھا کہ ہم جل رہے ہیں اور یورپ والے آرام سے سوئیں۔ پاکستان میں بھی یہی ہو رہا ہے۔ یہ دو صوبے جل رہے ہیں۔ جو اس ملک کے اصلی مالک ہیں وہ رات کو آرام کی نیند سوئیں۔ یہ دو صوبے صرف اس لیے جل رہے ہیں کہ یہ تباہی جو 1979 سے شروع ہوئی ہے وہ آج تک ہمیں لے کر ڈوب رہی ہے۔ ہمیں انعام کیا مل رہا ہے کہ CPEC میں بھی ہمیں 45 کلو میٹر سڑک مل رہی ہے اور پھر کہتے ہیں کہ ہزارہ۔ ہزارے کے بغیر تو آپ جا نہیں سکتے۔ یہ تو common route ہے۔ اگر اس کا بس چلتا تو وہ نارووال سے اٹھا کر ہوائی جہاز کے ذریعے ساری سڑکیں ادھر لے جاتا۔ اس کا بس نہیں چلتا۔ اس کو ہمارے صوبے کی ضرورت ہے۔ ہمیں تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ چھوٹے صوبوں کے ساتھ یہی ہو رہا ہے اور اس سے میں سمجھتا ہوں اور دعوے سے کہتا ہوں کہ یہ پاکستان نہیں رہے گا۔ اگر ان کا یہی رویہ رہا تو فیڈریشن نہیں رہے گی۔ جس طرح آپ نے 18th Amendment بنائی تھی۔ 18th Amendment منظور ہونے کے باوجود آج تک 70% share چھوٹے صوبوں کو نہیں ملے۔

جناب چیئرمین! میں یہ بات واضح طور پر کہتا ہوں کہ یہ CPEC completely دھوکا ہے۔ آٹھ لین کی موٹروے کراچی سے حیدرآباد کی طرف بن رہی ہے اور آگے جائے گی۔ جو بھی یہ سمجھتا ہے کہ سی پیک ہمارے پختون خواہ یا بلوچستان کی طرف سے گزرے گا، بلوچستان کی سڑک بن رہی ہے اس کا پہلے مشرف صاحب بھی افتتاح کر گئے تھے۔ یہ بہت پہلے کا پراجیکٹ ہے۔ جو سڑک گوادر سے کوئٹہ تک بن رہی ہے، اسے بھی یہ سی پیک میں گن رہے ہیں۔ یہ جو خضدار اور ڈی آئی خان روڈ ہے اسے بھی یہ سی پیک میں گن رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں گنیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن وہ پھر اسی طریقے سے موٹروے بنائیں۔ ہمیں یہاں آ کر کچھ بتائیں تو سہی، ایمانداری سے خدا کو حاضر ناظر جان کر بتائیں کہ یہ سچ کہہ رہے ہیں یا [xxx] کہہ رہے ہیں۔ کب تک یہ [xxx] بولتے رہیں گے۔

Mr. Chairman: [xxx] is expunged.

---

‡ *xxx [Expunged as ordered by the Chairman.]*

سینیٹر الیاس احمد بلور: کب تک غلط فہمیاں پیدا کرتے رہیں گے۔ اب اس 'غلط فہمی' کو تو آپ expunge نہیں کر سکتے ناں۔ کب تک غلط بیانیاں کرتے رہیں گے۔ یہ خدا کا خوف کھائیں، خدا کو بھی جان دینی ہے۔ ہم چھوٹے صوبے والے آپ کے بھائی ہیں، اگر آپ بھائی سمجھیں تو، نوکر سمجھیں گے تو ہم نوکری نہیں کرتے۔ نوکری ہم نے انگریز کی بھی نہیں کی، اس وقت بھی ہم جیل جاتے رہے ہیں۔

جناب! دیکھیں interruption ہو رہی ہے اگر میں بات کروں تو پھر۔۔۔۔

جناب چیئرمین: عباسی صاحب۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب! میں یہ کہتا ہوں کہ ہم نوکری کسی کی نہیں کرتے۔ خدا کے لئے ہمیں بھائی سمجھیں۔ بہت کچھ کر لیا آپ لوگوں نے اس ملک کے ساتھ، آدھا ملک گنوا دیا آپ لوگوں نے، آپ نے گنوایا میں ثابت کر سکتا ہوں۔ باقی پاکستان کو تو united رکھیں، اللہ کا خوف کھائیں۔

جناب چیئرمین: سی پیک پر بات کریں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب! سی پیک پر تو یہی بات ہو گی کہ اگر آپ چاروں صوبوں کو اس کے advantages دیں گے تو تب ہی مسئلہ حل ہو گا۔ اگر نہیں دیں گے تو let the smaller provinces go to hell. Thank you.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی سردار صاحب۔ مشاہداللہ صاحب! آپ بل کی بات کرنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر مشاہداللہ خان: وہ میں نے گزارش کی تھی، آپ نے حکم کیا تھا کہ آج ہی میٹنگ کرا دیں تو وزیر صاحبہ، انوشہ رحمان صاحبہ اپنی ساری مصروفیات چھوڑ کر آئی ہیں۔ یہ کہہ رہی ہیں کہ میں آج کرنے کو تیار ہوں۔ میں آپ کے توسط سے میڈیا سے کہہ دیتا ہوں کہ ان کی جو چاروں associations ہیں ان کا ایک ایک نمائندہ بھیج دیں۔ ابھی سوا پانچ ہوئے ہیں، ساڑھے پانچ بجے ان کے چیمبر میں چلے جائیں، میٹنگ ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: آپ اگر ذرا ان سے بات کر لیں۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: میں بات کر لیتا ہوں جا کر۔

جناب چیئرمین: بات کر لیں اور ان کی ملاقات کروا دیں۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی انوشہ صاحبہ۔

محترمہ انوشہ رحمان احمد خان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ Bill House کی property ہے جو پہلے نیشنل اسمبلی کے پاس تھا۔ انہوں نے اس میں amendments کیں۔ یہ سینیٹ کی property ہے، اس پر Standing Committee نے کام کیا۔ میرا خیال ہے کہ آپ کو بھی انہوں نے اپنے ساتھ رکھا ہوگا، I am sure they kept you informed whatever was happening in the Senate. اور میڈیا میں بھی آتا رہا۔

Mr. Chairman: Only on procedural matters not on the amendment.

Mrs. Anusha Rahman Ahmad Khan: Ok, so now they will come to your attention

جب یہ رپورٹ amendments کے ساتھ lay ہوئی ہے تو یہ بل تو ایوان کی property ہے اور نیشنل اسمبلی اور سینٹ کے معزز ممبران جو بھی ترمیم کرتے رہے ہیں اور کر رہے ہیں اور مزید بھی اگر ہوتی ہے تو حکومت تو صرف facilitator کا رول ادا کرتی ہے لیکن جو موٹی بات، جو میری understanding ہے، اس وقت یہ ہوئی ہے، مشاہد صاحب نے مجھے کال کی تھی کہ شاید journalist community کو کوئی confusion create ہوئی ہے کہ شاید Electronic and Print Media اس بل سے affect ہو رہا ہے تو میں آپ کو ضرور یہ inform کرنا چاہوں گی کہ جو بھی پیمرا کے licensees ہیں ان کو explicitly exclude کیا گیا ہے from the purview of this draft Bill.

Mr. Chairman:I think the major issue is not with the electronic media. I think the major issue is with the representatives in the organizations of the print media.

محترمہ انوشہ رحمان احمد خان: ان کو بھی تسلی دے دیتے ہیں کہ یہ تو explicit provision موجود ہے۔

جناب چیئرمین: اب ان سے آپ مل لیں کیونکہ جو میں ان کی بات سمجھ سکا ہوں وہ پرنٹ میڈیا کی ہے not of the electronic media.

Mrs. Anusha Rahman Ahmad Khan: That is excluded from the purview

اور اگر ان کو مزید تسلی کی ضرورت ہو گی یا مزید بھی کسی ترمیم کی ضرورت ہو گی تو one is open to that. اس میں تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

Mr. Chairman: I am glad you come with an open mind.

مشاہد اللہ صاحب! آپ ذرا ان دوستوں سے بات کر لیں اور وزیر صاحبہ سے ان کی ملاقات کروا دیں۔

محترمہ انوشہ رحمان احمد خان: میری گزارش ہے چیئرمین صاحب کہ چونکہ شاہی سید صاحب کی domain میں یہ ڈرافٹ ہے اور Standing Committee کی property ہے انہوں نے آج آپ کے سامنے رپورٹ lay کی ہے۔ اگر وہ بھی براہ مہربانی۔۔۔۔

جناب چیئرمین: ہاں، ہاں بالکل, of course شاہی سید صاحب ساتھ ہوں گے۔

محترمہ انوشہ رحمان احمد خان: فرحت اللہ بابر صاحب بھی وہاں موجود تھے، مطلب ہے this is the property of the House, Senate کے پاس ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، جی مشاہد صاحب! آپ یہ کر لیں۔

سینیٹر شاہی سید: بابر صاحب کو سن لیں تو اچھا ہو گا۔

جناب چیئرمین: بابر صاحب کو آپ House میں بلائیں ناں، میں تو نہیں بلا سکتا۔

Recognition of delegates of APA by the Chairman and welcoming remarks

The House recognizes the presence of the distinguished delegates who are attending the APA Standing Committee. They are present in the galleries of the House.

(desk thumping)

جناب چیئرمین: راجہ صاحب! آپ کچھ کہیں گے؟

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم۔ Thank you Mr. Chairman. I stand up to welcome our

brothers and sisters from all over Asia who have come to attend the Asian Parliamentary Assembly in Pakistan particularly in Islamabad. We welcomed them earlier and now I welcome them in the House that they have come.

Actually, the realization that most of the Asian countries have been subjected to be ruled by imperialist powers and they did not allow these countries to develop as they should have been. Now there is realization that Asia has the potential, Asia has the minds, Asia has the leadership that they should collectively work for the development of Asian economy, Asian political power. So, there is a realization that the next century is the Asian century and the balance is shifting from the West to Asia, to East and the meetings that I have attended this time and earlier on, we have found that there is lot of spirit, there is lot of truth, there is gusto in the proposal, in the manner of their collective working, brother networking and we feel that they are doing historic job, they are doing their job for the coming generations of Asia and for their betterment. I once again welcome.

Mr. Chairman: Thank you, yes Mushahid Sahib.

Senator Mushahid Hussain Syed

Senator Mushahid Hussain Sayed: In the name of the Almighty the lord of all mankind. On behalf of myself and my colleagues I warmly welcome this very distinguished and diverse group of the Asian Parliamentary Assembly which in fact is the voice of democratic Asia from Indonesia to Iran, from Bhutan to Bahrain, from Moscow to Maldives, you have the best diversity and the unity of the diversity in their vision, in their quest for a better tomorrow for Asia.

And Mr. Chairman, the meeting in Islamabad under your auspices has been quite historic if I may add starting with your landmark key note speech yesterday which set the pace for the Asian Parliamentary Assemblies' vision and roadmap for the future and that is very clear. And what are the ingredients of that road map? No.1, that we see the ship in the global balance of economic, political and cultural power away from the West to the East and the Asian hands will now determine the destiny of Asia, the destiny of Asia will not be determined elsewhere.

Secondly, the 21st century is the Asian century and we see the resurgence of Asia and thirdly, you have also mentioned that there has to be an institutional basis to promote the Asian Parliamentary Assembly, the Asian century and for that your proposal has been accepted, it's part of the official record because we discussed it yesterday and also this morning that the Asian Parliamentary Assembly in different regional groupings in different parts of Asia will give its proposals to take the Asian Parliamentary Assembly forward and transform it into an Asian Parliament eventually because Asia is the most dynamic continent. We are grateful to the Secretariat of the APA in Tehran and the Secretariat of the Senate which has been working under your leadership. This Conference of today has been a great success. I might add for your information because I was there in the morning with Raja Sahib. We have also agreed on the need for Asian Integrated Energy Market. So, there will be connectivity through corridor,

connectivity through culture and connectivity among countries in the Asian continent.

We warmly welcome our friends. We look forward to working closely with the Asian Parliamentary Assembly, the Senate of Pakistan. I would just like to add one thing to our colleagues who are here from different parts of Asia, that the Senate of Pakistan is a unique House. It is the House of the Federation of Pakistan because Pakistan is a federation of four Provinces which are equal in terms of power, equal in terms of status and that equality is represented in this House. It is not because of size of population, it is a principle of equality which is enshrined in our Constitution in which Senator Mian Raza Rabbani, who is now the Chairman, played a pivotal role through the 18th Constitutional Amendment a few years ago which gave devolution of powers from the Centre to the Provinces. So, in that context, the House of the Federation is playing a leading role. APA is the voice of voices of the Asia and the voice of democratic Asia. The Senate of Pakistan is also playing that similar role. Yesterday's ruling and decision about marginalized communities, I mention it also, has strengthened the role of the Senate of Pakistan as not just the voice of Federation, the House of the Federation but also the voice of the voiceless, the oppressed, the depressed and the suppressed. They finally feel that they have that representation in the Senate.

A warm welcome to you and thank you very much for organizing such a great Conference.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ مشہدی صاحب، آپ ان کے بارے میں بات کرنا چاہ رہے ہیں۔ جی قائدِ حزبِ اختلاف۔

Senator Aitzaz Ahsan, Leader of the Opposition

Senator Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman, I would like to join and express my sentiments in the same spirit as that of the Leader of the House and Senator Mushahid Hussain Syed. I think the consciousness of an Asian and Asiatic personality and an Asiatic identity is the need of these times. For a millennia until about three hundred years ago when the world turned into a colonial world, Asia led in productivity, in trade, in thought, in literature and in every aspect of life. The global community on this earth is for about last two, three hundred years, really two and half century that the West began to dominate Asia. Asia by and large came under servitude about hundred years ago or less than that, there was a reawakening in Asia. Great countries like China, Russia, Japan and the Indian Sub-Continent, they began to wake up and to confront the colonialists.

We are now into another century, the 21st century. I think we have great expectations that this shall be the Asian Century. The next millennium of thousand years will again be the Asian Millennium. Coming together as democrats, democratic representatives of democratic institutions and democratic processes is the heart of the strength of the Asian vitality.

I join my friends, my colleagues in welcoming the Parliamentarians from Asian countries. All of them are great countries, all of them have great potential and all of them have great leaders.

I think we can look forward together, in togetherness we gain strength by being together. In our

diversity we can create a unity which is powerful and which can lead the world. I welcome the delegates here.

Mr. Chairman: Thank you. Sardar Sahib.

Further discussion on the admitted adjournment motion moved bySenator Dr. Jehanzeb Jamaldini regarding CPEC

Senator Sardar Muhammad Azam Khan Musakhel

سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ کہ مجھے تحریک التواء نمبر 8 پر بولنے کا موقع دیا۔CPEC کے حوالے سے پہلے میں یہ گزارش کروں گا کہ جمالدینی صاحب بہت بہترین تحریک لائے ہیں، اس کو میں welcome کرتا ہوں لیکن اس کے ساتھ یہ گزارش کروں گا، ان کے حضور میں یہ بات ضرور رکھوں گا کہ جب صوبہ بلوچستان کے پشتون، بلوچ ایک دوسرے کو نہیں سمجھیں گے، ان کے مابین understanding نہیں ہو گی تو ہمارے لیے نہ گوادر کا کوئی فائدہ ہو گا اور نہ ہمارے وسائل کا کوئی فائدہ ہمیں پہنچ سکتا ہے۔ ہماری بے اتفاقی اور ایک دوسرے کو نہ سمجھنے کی صورت میں ہم دربدر ہیں۔ گوادر کے مالک ہم ہیں لیکن گوادر کی خوشیوں سے ہم صوبہ بلوچستان کے پشتون، بلوچ محروم ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ ہماری ایک دوسرے کو نہ سمجھنے کی بات ہے۔

جناب! جہاں تک CPEC کا تعلق ہے، چائنا نے CPEC کا اجراء اس لیے عمل میں لایا کہ اس کے جو صوبے پسماندہ تھے، جو علاقے پسماندہ تھے تو اس کو خطرہ لاحق ہوا کہ وہاں پر روزگار نہ ہونے کی وجہ سے دہشت گردی رونما ہو گی۔ روزگار مہیا کرنے کی صورت میں انہوں نے اس بات کا ارادہ کیا کہ ہم CPEC کے حوالے سے پاکستان سے بات کریں گے لیکن افسوس کا مقام ہے کہ جو بات چائنا کے حوالے سے ملکی سطح پر ہوئی ہے وہ بات ایک صوبے کے کھاتے میں چلی گئی ہے۔ یہ CPEC قطعاً نہیں ہے، یہ تخت لاہور اور چائنا کا معاہدہ ہے، اس سے تمام اکائیاں محروم ہیں اور محروم رہیں گی۔ یہ ہماری محرومی ہمارا مفاد ہرگز نہ ہو گی، ہماری محرومی سے نفرتیں جنم لیں گی۔ جب نفرتیں جنم لیں گی تو اس کا نتیجہ ہمیں بنگلہ دیش کی صورت میں معلوم ہے۔

جناب! جب ہم کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ آپ تعصب کرتے ہیں۔ جب ہم کہتے ہیں کہ بلوچوں، سندھیوں، سرائیکیوں اور پشتونوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ یہ نفرت والے سینیٹ میں آئے ہیں، نفرت پھیلا رہے ہیں۔ نفرت کی پیداوار آپ

ہیں، نفرت کا بیج آپ نے بویا ہے، نفرت کا بیج اور درخت آپ نے بویا ہے، اس کو آپ ضرور کاٹیں گے، جو فصل آپ نے بوئی ہے اس کو کاٹنا پڑے گا آپ لوگوں کو۔

جناب! نہایت افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ CPEC کے بارے میں تمام سیاسی پارٹیوں کے ساتھ مشاورت کے بعد 28 مئی 2015 کو اعلامیہ جاری ہوتا ہے، یہ بات ببانگ دہل کی جاتی ہے، ٹی وی پر آتا ہے، اخباروں میں آتا ہے اور جناب وزیراعظم میاں نواز شریف خود کہتے ہیں کہ کانفرنس کے یہ تین نکات ہیں، Corridor کا ایک مغربی route ہوگا، سب سے پہلے مغربی روٹ کو مکمل کیا جائے گا۔ ان شہروں اور قصبوں کے نام لیے ہیں جو اس روٹ پر واقع ہیں۔ مغربی روٹ برہان، فتح جنگ، میاں والی، ڈیرہ اسمٰعیل خان، ژوپ، قلعہ سیف اللہ اور کوئٹہ سے ہوتے ہوئے گوادر پہنچے گا، یہ ملک کے وزیر اعظم کا اعلان ہے ببانگِ دہل۔ جب ملک کے وزیر اعظم کا اعلان ہونے کے باوجود ہمارا مغربی روٹ مکمل نہ ہو پھر ہم کس پر اعتبار کریں گے، کس کی بات بڑی ہوگی۔ آیا ہم احسن اقبال کی باتوں پر انحصار کریں گے، اگر آپ مختلف اجلاسوں کا ریکارڈ نکالیں گے، مختلف اجلاسوں کے دوران ان کا ریکارڈ ہوگا۔ کہتے ہیں کہ 'دروغ گو را حافظہ نیست'۔ جو بندہ[§][xxx] سے کام لیتا ہے، اس کا حافظہ ہمیشہ کمزور ہوتا ہے۔

Mr. Chairman: [xxx] is expunged.

سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل: جناب! بلوچستان میں 6,7 سالوں میں 1,833 لوگ زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، اس کی بنیادی وجہ بے روزگاری ہے، بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہمارے وسائل ہیں، پشتونوں کی بجلی ہے، بلوچوں اور سندھیوں کی گیس ہے لیکن ہم ان سے محروم ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہم پاکستان کو چلائیں گے۔ پاکستان کو چلانا چاہتے ہیں۔ پاکستان ہمارا ملک ہے۔ ہم نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ پاکستان کو ہم نے بنایا ہے لیکن نام نہاد پاکستانی جو ہیں وہ بلوچوں، سندھیوں اور پشتونوں کو نہیں مانتے۔ جناب والا! یہ ملک کیسے چلے گا جب ہم بجلی سے محروم ہوں گے، جب ہم گیس سے محروم ہوں گے، جب ہم قدرتی معدنیات سے محروم ہوں گے جو ہمارے حصے میں آئی ہیں اور تخت لاہور ان سے مزے کر رہا ہے۔ لہٰذا ایسے پاکستان کو چلانا میرے خیال میں تھوڑا سا مشکل ہوگا۔ جناب والا! اگر CPEC نہیں بنا، میں ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے یہ بات ضرور کہوں گا کہ

[§] *xxx [Expunged as ordered by the Chairman.]*

اگر CPEC نہیں بنا جس کا اعلان ہوا اور جہاں بننے کا اعلان ہوا، جو ہمارا حق ہے تو پھر CPEC کا کامیاب ہونا مشکل ہو گا۔

جناب چیئرمین: بڑی مہربانی سردار صاحب۔

سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل: جو وقت آپ نے دوسروں کو دیا ہے وہی مجھے بھی دیں۔

جناب چیئرمین: وہی میں نے آپ کو بھی دیا ہے۔ کسی کو بھی میں نے زیادہ وقت نہیں دیا۔ جی طاہر مشہدی صاحب۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you very much, Mr. Chairman. Mr. Chairman, I am surprised at this Government. We have been granted a great opportunity, which is termed as a game changer, but our Government wants to make it into a controversy. They have shrouded the whole matter in secrecy and whenever we ask about any matter, they make that controversial. We do not know what it is. The people of Pakistan have no idea that what actually it is. China is Pakistan's greatest friend. China is a lifelong friend. It is not a fair weather friend. We have brotherly relations and we have a great deal of love and respect for the Peoples' Republic of China and this Government is trying to make even that friendship into a controversy. CPEC is a game changer. There is no doubt that it is a game changer for China, as explained, yes but it is also a game changer for us, if we develop the envisaged programmes with vision, with honesty, with dedication, with devotion, with some sense of planning, the Government's waiver, they are uncertain, their uncertainty, their wavering, their helplessness, their hopelessness is manifest in

almost every answer they give us or rather they failed to give us, we asked a very simple question that have any agreements been written? We are told none. I don't know what type of international or interstate arrangements we are having with nothing forthcoming so far in the written word. We say, what are the plans, I am the Chairman of the Planning and Development Committee. So, wherever this question of CPEC comes up, these are the questions that honouable members ask or the people of Pakistan want to know and we ask them that what are plans? Have you done the planning? No. 46 billion dollars can change the destiny of a nation especially a poor nation like Pakistan, especially a hard-pressed nation like Pakistan, especially a developing nation like Pakistan and yet they have no agreements, they have no plans, they no things as was brought out earlier by one of my honourable colleagues. The roads will be used. Have they worked out any reimbursement of the use of roads? Any deal, any agreement? No. We are going to have a lot of industrial estates. Mr. Chairman, we already have a lot of roads. We have wonderful roads, we have motorways but we don't have those industrial estates as envisaged to suddenly crop up with Aladin's lamp that this Government has and nobody else in the world has. I don't know what to say.

دوسری بات یہ ہے کہ یہ پیسا کس کا ہے۔ عوام کہتے ہیں کہ یہ 46 billion dollar انہوں نے آکر سینیٹ کے فلور پر رکھ دیا ہے کہ آؤ، کھاؤ اور بناؤ اور یہ کرو اور وہ کرو۔ کسی کو نہیں بتایا جارہا ہے کہ زیادہ تر loan ہے، اس میں زیادہ تر banking شامل ہے۔ کسی کو نہیں بتایا جارہا ہے کہ جو بھی آئیں گے وہ Chinese آئیں گے۔ جو بھی کمپنی آئے گی وہ Chinese ہو گی۔ جو بھی workforce ہو گی وہ Chinese ہو گی۔ جو profit ہو گا وہ Chinese کا ہو گا اور وہ وہاں

پر چلا جائے گا۔ جو بھی taxes میں چھوٹ ملے گی وہ Chinese کو ہو گی۔ جو بھی چھوٹ duties میں ملے گی وہ Chinese کو ملے گی۔

Have we seen the consequences of this disinterested Government or this inefficient Government the way they are handling this colossal task which can change the destiny of Pakistan? Lot of homework to be done by the Government. Lot of questions have to be answered and for God's sake stop fooling the people of Balochistan, stop fooling the people of Khyber Pakhtunkha.

چھوٹے صوبوں کو اس طرح تنگ کرنا بند کر دیں۔ آپ بجٹ دیکھیں، جو meagre amount آپ نے Western Route کے لیے رکھی ہے، اس میں تو ایک کھڈا نہیں کھودا جا رہا تو وہاں پر 08 lane road کہاں سے بنے گی۔ ہر شخص کو معلوم ہے، just ایک glance بتا دیتی ہے کہ وہ نہیں بنے گا۔ حالانکہ یہ Western Route تو پہلے سے ہی بن رہا ہے جو کہ G.T. Road ہے اور hundreds of years سے exist کر رہی ہے۔

So, don't say that we are developing that route. Gwadar is one of the best ports in the world but how will we have a port without electricity? How will we have a port without water? How will we have a port without administration? Is it going to be handed over to the Chinese?

اس کے بعد جب یہ سب کچھ ہو گیا، سب کچھ بن گیا، 46 billion dollars خرچ ہو گئے تو کیا آپ لوگوں نے social, cultural problems کے بارے میں سوچا ہے؟

جناب چیئرمین: مشہدی صاحب۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Yes, sir. I will just take one minute or 30 seconds more.

Mr. Chairman: 30 seconds.

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: آپ لوگوں نے اس کے consequences کے بارے میں سوچا ہے؟ اس سے ہمارے culture پر کیا اثر پڑے گا؟ کل سندھ میں ایک بیچارے پاگل نے کچھ کیا تو آپ پوری Hindu Community پر حملے کر دیتے ہیں۔ آپ ذرا یہ چیزیں سوچیں۔ حکومت سے میں یہ کہوں گا کہ have a sleep for 20 hours but for God's sake wake up for two hour a day and look into the future of Pakistan. Thank you sir.

Mr. Chairman: Thank you. Senator Taj Haider Sahib.

Senator Taj Haider

سینیٹر تاج حیدر: شکریہ جناب چیئرمین! CPEC ایک اہم منصوبہ ہے اور اس منصوبے کی اہمیت کے پیش نظر، ساتھ ساتھ جو غلط فہمیاں پیدا ہو رہی تھیں ان کے پیش نظر آپ نے یہ ضروری سمجھا کہ ایک سپیشل کمیٹی تشکیل دی جائے۔ اس سپیشل کمیٹی کے اندر سینیٹ کے چوبیس اراکین شامل ہیں، مجھے اس کمیٹی کی سربراہی کا شرف حاصل ہے۔ ہم نے اپنی second interim report یہاں پر رکھی۔ پندرہ، سولہ سینیٹرز نے اس پر تفصیلی گفتگو کی، سینیٹ نے اس رپورٹ کو adopt کیا لیکن دوسرے دن جب ہم نے اخبارات کھولے تو اس میں ذکر تک نہیں تھا۔ ایک بہت بڑے اخبار نے اس دن کی سینیٹ کی کارروائی کا جو ذکر کیا اس میں headline تھی PIMS کے اندر بلیوں نے جو بچے دیئے تھے، ان کی یہ ہیڈلائن تھی لیکن CPEC committee کی adopt کرنے کی رپورٹ نہیں تھی۔ اس کا کوئی ذکر نہیں تھا۔ ظاہر ہے کہ صحافی بھائیوں نے یہ نہیں کیا، کہیں سے کچھ ہدایات ملی ہوں گی، کچھ مجبوریاں ہوں گی، ہمارے اخبارات آزاد ہیں، ہمیں پتا ہے۔

جناب والا! یہ معاملہ الجھتا جا رہا ہے، میں اپنی کمیٹی کے تمام اراکین کی جانب سے، بڑی عاجزی کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی تشکیل کردہ کمیٹی اس منصوبے کو بچانے کی کوشش کر رہی ہے۔ ہماری کوشش یہ ہے کہ یہ منصوبہ تعمیر ہو، بہت اچھی طرح تعمیر ہو، ہمارے ملک کی خوشحالی ہو، برادر ملک کی خوشحالی ہو اور ہماری آپس کی دوستی مزید مضبوط ہو اور یہ اقتصادی رشتے ہماری آئندہ کی نسلوں کی ترقی کے لیے ایک مستحکم بنیاد فراہم کریں۔ بدقسمتی سے یہاں پر اس دن جو پلاننگ کے وزیر تھے انہوں نے کچھ باتیں کہیں اور انہوں نے یہ کہا کہ تنقید کرنے والے شاید پاکستان کے اتنے وفادار نہیں ہیں جتنے وہ وفادار ہیں۔ میں اس غلط فہمی کو یکسر رد کرنا چاہتا ہوں کہ اس طرح کی باتیں کرنے سے شاید

رنجشیں اور بڑھیں گی اور یہ مسئلے اور الجھیں گے۔ جناب والا! مجھے افسوس ہے کہ اب غلط فہمیوں کا دائرہ مزید بڑھ گیا ہے، اس میں ہمارے اور برادر ملک کے تعلقات اثر انداز ہونے لگے ہیں۔ اس رپورٹ کا جو عنوان تھا وہ تھا "turning a myth into reality" یہ عنوان لیا گیا تھا National People Congress of China کی Vice Chairman نے جو تقریر کی تھی جو اخباروں میں رپورٹ ہوئی اس میں انہوں نے کہا تھا کہ CPEC shall remain a myth if concrete steps not taken. اور یہ بات کہ ہمارے دوست ملک میں اس معاہدے کے بارے میں شکوک و شبہات پیدا ہو رہے ہیں، یہ بات ہمارے لیے تشویش کا باعث ہے۔ جب بھی کوئی اختلافی بات ہماری کمیٹی میں آتی تو اور جب بھی ہم یہ کہتے تھے کہ یہ ایسے ہونا چاہیے تو ہم سے کہہ دیا جاتا تھا کہ چین یہ چاہتا ہے، چین یہ چاہتا ہے اس لیے ہم یہ بات کرنے پر مجبور ہیں۔ کمیٹی کے اراکین نے اس پر اعتراض کیا اور اعتراض کرنے کے بعد کہا جو چین کا آپ کے ساتھ agreement ہے جس کا ذکر کرتے ہوئے سینیٹر جمالدینی صاحب نے آج تحریک التوا پیش کی ہے، جو agreement ہے اس کو سامنے لایا جائے۔ ہم نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ Joint Coordination Committee کے جو minutes ہیں، جو باتیں طے ہوتی ہیں ان کو صیغہ راز میں نہ رکھا جائے۔ میں آج اس ایوان کے توسط سے اپنی کمیٹی کی جانب سے یہ مطالبہ دہرانا چاہتا ہوں، جس کا ذکر ہم نے رپورٹ میں بھی کیا ہے کہ جو agreement کیا گیا ہے اس کو سامنے رکھا جائے۔ ہماری کمیٹی کے جو minutes ہیں ان کو بھی سامنے رکھا جائے تاکہ یہ جو سمارا لیا جاتا ہے کہ چین یہ چاہتا ہے، چین یہ چاہتا ہے، یہ بحث ختم ہو۔

جناب والا! کمیٹی نے بہت welcome کیا، محترم وزیر اعظم صاحب نے اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوششیں کیں۔ دو مواقع پر انہوں نے واضح اعلانات کئے جو مغربی روٹ ہے، اس روٹ کا بھی اعلان کیا کہ یہ روٹ متفقہ روٹ ہے اس کو ترجیح دی جائے گی۔ ہم نے افسوس کے ساتھ دیکھا کہ اس روٹ کو نظر انداز کیا گیا اور اس کی وجہ سے ہمارے ملک میں کھچاؤ اور بڑھ رہا ہے۔ میرا تعلق سندھ سے ہے مگر سندھ کے تمام ممبران نے اس بات پر اتفاق کیا، سندھ کی تمام جماعتوں نے اتفاق کیا کہ ہمارے جو پسماندہ علاقے ہیں، پختونخوا کے اور بلوچستان کے، اس لیے بھی ہم نے اتفاق کیا کہ اگر ان علاقوں میں یہ ترقی نہیں ہوتی تو اسی طریقے سے ان علاقوں کے بے روزگار سندھ میں آتے رہیں گے اور سندھ کے

مسائل میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ اگر ان علاقوں کو ترقی دی جاتی ہے تو بہت سے لوگ اپنے گھروں کے نزدیک جانے کو ترجیح دیں گے۔ پاکستان یکساں طور پر ترقی کرے گا، ہم سب کی ترقی میں ہماری ترقی ہے لیکن غلط فہمیاں بڑھ گئیں۔ میں بڑی تشویش کے ساتھ اس ایوان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آج صبح چھ بجے کے قریب علی الصبح جب میں نے اپنی میل کھولی تو اس میں تصاویر آئیں، اس میں تصاویر ہیں پختونخوا میں جلسوں کی، بہت بڑے جلسوں کی جو CPEC کے سلسلے میں ہو رہے ہیں۔ وزیر محترم نے ہمیں یہاں پر دلاسا دیا تھا کہ خیبر پختونخوا کے جو وزیر اعلیٰ ہیں وہ مطمئن ہیں۔ وہاں جلسے ہو رہے ہیں اور میں بڑی تشویش کے ساتھ بتانا چاہتا ہوں کہ جلسے میں جو قرارداد منظور کی گئی وہ یہ ہے کہ چینی سفارت خانے پر دھرنا دیا جائے گا۔ یہ چیز بہت تشویشناک ہے، ایوان کے تمام ممبران اور جناب چیئرمین آپ خود سمجھتے ہیں کہ اس کی کس قسم کی implications ہو سکتی ہیں۔ میں نے اسی وقت انہیں جواب دیا کہ چین کو اپنے اندرونی معاملات میں involve نہ کیا جائے۔ اس قسم کی چیزیں نہیں ہونی چاہییں، ہم خود مختار ملک ہیں اور اپنے معاملات خود طے کرتے ہیں لہٰذا ان سے بات کرنے کی بجائے آپ کو خیبر پختونخوا کے چیف منسٹر سے بات کرنی چاہیے۔ ان سے کہنا چاہیے کہ اس مسئلے کو بیٹھ کر حل کیا جائے۔

جناب چیئرمین! یہ صورت حال ہے اور تشویشناک صورت حال ہے۔ میں پھر ایک دفعہ جمالدینی صاحب کی بات کو second کرتے ہوئے یہ کہوں گا کہ اس معاہدے کو سامنے لایا جائے۔ جو meetings ہو رہی ہیں ان کے minutes کو سامنے لایا جائے، سینیٹ کے فلور پر رکھا جائے اور اس confusion کو ختم کیا جائے کہ ہم سے چین یہ کہتا ہے اس لیے ہم یہ کر رہے ہیں۔ جو بھی فیصلے کرنے ہیں ہمیں خود کرنے ہیں، مل جل کر فیصلے کریں گے اور انشاء اللہ اچھے فیصلے کریں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جی سسی پلیجو صاحبہ۔

Senator Sassui Palijo

سینیٹر سسی پلیجو: جناب چیئرمین، بہت شکریہ۔ کافی باتیں زیر بحث آ چکی ہیں لیکن میں سینیٹر تاج حیدر صاحب جو سپیشل کمیٹی کے سربراہ بھی ہیں، دوسرے ہمارے جو سینیٹرز نے باتیں کی ہیں میں ان کو second کرتی ہوں۔ جناب والا! reservations ابھی تک ہیں، concerns ہیں، صوبوں کے ہیں اور CPEC پر جب سپیشل کمیٹی کی رپورٹ پیش کی گئی تو سینیٹ نے اس پر

سیر حاصل بحث کی اس میں بھی ہم نے demand کی تھی، اس میں کہا تھا کہ جو بھی تفصیلات ہیں وہ سامنے لائی جائیں۔ وزیر اعظم صاحب کی صدارت میں جو آل پارٹیز کانفرنس ہوئی تھی اس پر بھی عمل نہیں ہوا، اس کی بھی تفصیل یہاں پر لائی جائے۔ ہم نے دیکھا کہ اس پر عملدرآمد تو نہیں ہوا لیکن یہاں احسن اقبال صاحب، منصوبہ بندی کے جو وزیر ہیں، جب بھی CPEC کے حوالے سے سوالات آتے ہیں، جیسے کہ تین چار دن پہلے آئے، اس منسٹری کے اطمینان بخش جوابات نہیں آئے، ظاہری بات ہے ہم ضمنی سوالات کتنے کر سکتے ہیں لیکن اس میں بھی وزیر صاحب خود نہیں آتے اور جو آتے ہیں وہ بات clear نہیں کر سکتے۔ جناب والا! دھرنوں کی نوبت نہیں آتی اگر شروع سے معاملات transparent ہوتے۔ اس حوالے سے میرے خیال میں یہ one province centered چیزیں ہوتی ہیں اور یہ frustration پیدا کرتی ہیں۔ CPEC کو ہم نے بالکل welcome کیا ہے، ہماری پارٹی نے بھی کیا، ہمارے صوبے نے بھی کہا کہ یہ game changer ہو سکتا ہے اگر اس میں recommendations and suggestions جو سارے صوبوں سے آ رہی ہیں ان کو اسی حوالے سے شامل کیا جائے۔

جناب والا! ہم نے دیکھا کہ پچھلے سال یہاں پر چین کے صدر بھی آئے تھے، ان کے ہوتے ہوئے یہاں پر تقریباً پچاس کے قریب MoUs sign ہوئے، ان میں بھی Hydel, Hydro, Telecommunication, Media, Irrigation, Agricultural کے حوالے سے جو چیزیں تھیں ان کا تعلق ہم نے ایک ہی صوبے سے دیکھا، وہیں اس کی execution ہونی ہے اور فائدہ بھی ایک ہی صوبے کو ہونا ہے۔ جناب والا! یہ one sided معاملات زیادہ احساس محرومی پیدا کریں گے۔ سندھ کے حوالے سے ہم یہاں پر resolution لائے تھے اور اسی کمیٹی کے حوالے سے جو آپ نے بنائی ہے، جس کی تاج حیدر صاحب سربراہی کر رہے ہیں اسی کی روشنی میں ہم ایک resolution لے کر آئے تھے، کمیٹی بندرپورٹ کو اس میں شامل کیا جائے، سندھ حکومت نے بھی بارہا یہ بات رکھی۔ ہمارے وزیر اعلیٰ سندھ نے یہ معاملہ اٹھایا، احسن اقبال صاحب سے جب بھی پوچھا جاتا ہے تو ان سے کہا جاتا ہے کہ سندھ کی طرف سے کوئی recommendation نہیں آئی۔ جناب والا! یہاں سے resolution گئی ہے اور اسے unanimously پاس کیا گیا تھا۔ کراچی موٹروے جو آ رہی ہے اس کو نوری آباد سے کمیٹی بندرگاہ کی طرف لے کر جائیں، فقط پورٹ کو utilize کر سکتے

ہیں، کول کو استعمال کر سکتے ہیں، ہائیڈل کے حوالے سے، پورٹ یا انڈسٹری کے حوالے سے جو بھی options آتے ہیں، پارکس کے حوالے سے جو industrial parks ہیں ان میں یہ چیز سندھ کے حوالے سے، پورے پاکستان کے حوالے ایک اہم پیشرفت ہو سکتی ہے۔ اس کو انہوں نے ابھی تک شامل نہیں کیا۔ اس میں تھر کول کی بات ہوتی ہے اس حوالے سے، چھوٹے بڑے projects کی تو بات ہوئی ہے لیکن سندھ کی پورٹ سے کیوں بھاگتے ہیں۔ یہ ایک زبردست option ہو سکتا ہے۔ یہ کیوں چاہتے ہیں کہ فقط ایک ہی صوبے سے trade ہوتی رہے۔ یہ کیوں چاہتے ہیں کہ وہاں dry port ہو، اس حوالے سے تو بات ہوتی لیکن جب ہم سندھ میں access دینے کے لیے تیار ہیں۔ بڑے جہاز یہاں پر لنگر انداز ہو سکتے ہیں، trade کا margin بڑا ہو سکتا ہے۔ جو vision 2025 ہے اس میں بھی سندھ کے تمام options کو ایک طرف کر دیا ہے۔ جو بھی سمندر کے راستے کے حوالے سے ہم نے سینیٹ میں بحث کی، معدنیات کے حوالے سے جو بھی related چیزیں ہیں۔ اس چیز کا فائدہ لیتے ہوئے میں بات ضرور کروں گی اور احتجاج بھی ریکارڈ کراؤں گی کہ Ministry of Petroleum نے کل یہاں ایک meeting کی ہے اس میں gas کی distribution کے حوالے سے نیا فارمولا دینے کی بات کی گئی ہے۔ اس پر صوبوں نے اعتراض اٹھایا ہے کہ آپ آئین کے Article 158 کو bypass نہیں کر سکتے۔ ہم بارہا ECC and OGRA کے حوالے سے بات کرتے رہتے ہیں کہ ان چیزوں کو CCI میں discuss ہونا ہے۔ سارے صوبوں کو مل کر اور ان کی موجودگی میں ان چیزوں کو discuss ہونا ہے، یہ آپ کس طرح کر سکتے ہیں۔ جہاں سے production زیادہ ہو رہی ہے انہی صوبوں کو آپ دیوار سے لگانے کی بات کر رہے ہیں۔ اس چیز کو صوبہ سندھ کم سے کم نہیں مانے گا۔ ہم پارلیمنٹ کے جو بھی instruments ہیں ان کو استعمال کریں گے۔ ہم اس پر احتجاج کا حق رکھتے ہیں۔ اسی طرح ہم نے دیکھا کہ CPEC کے حوالے سے بھی one sided agreements کیے جا رہے ہیں تو میں سمجھتی ہوں کہ ایک game changer project کو اگر وہ one sided کریں گے تو اس کا فائدہ نہیں ہوگا وہ controversial بن جائے گا اور اس پر question mark آ جائے گا۔ میں سینیٹر جمانزیب جمال دینی صاحب کو مبارک باد پیش کرتی ہوں کہ ایک اہم چیز کی طرف ہماری توجہ دلائی۔ سینیٹ نے اس پر بحث کی، سینیٹ

کی جو recommendations ہیں جو demands ہیں حکومت کو چاہیے کہ وہ ان پر عمل درآمد کرے اور agreement کی ساری details سامنے آنی چاہییں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر جاوید عباسی صاحب۔

Senator Muhammad Javed Abbasi

سینیٹر محمد جاوید عباسی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! کہ آپ نے مجھے سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمال دینی صاحب کی اس adjournment motion پر بات کرنے کا موقع دیا۔ اس issue پر کافی مرتبہ سینیٹ میں discussion ہوئی اور تقریباً دو ہفتے پہلے بھی اس پر discussion ہو ئی تھی ۔منسٹر صاحب نے بڑی detail سے جواب دیے تھے۔ اس سارے project کو اگر ایک روٹ سمجھ لیا جائے تو اس کو سمجھنے میں مشکل ہو گی ۔ یہ ایک umbrella project ہے جس کے نیچے بہت سے اور بھی projects ہیں۔ ہمارے دوستوں نے Eastern and Western routes کی 11 billion dollar لاگت سے نے مکمل ہونا ہے اس پر تو بہت زیادہ باتیں کیں ہیں لیکن جہاں بہت زیادہ investment ہونی تھی اس پر انہوں نے کوئی بات نہیں کی۔ یہ اگر اس بات کو سمجھ لیں کہ یہ صرف ایک روٹ ہے جس نے چائنا سے نکلنا ہے اور گوادر تک جانا ہے اور صرف دو راستے ہیں تو ایسا نہیں ہے ۔ اس میں سب سے زیادہ 35 billion dollars کا سرمایہ energy projects پر خرچ ہونا ہے۔ اس کا سب سے زیادہ پیسہ وہاں خرچ ہو گا جہاں کارخانے لگیں گے وہ سندھ میں لگیں گے اور دوسرے نمبر پر بلوچستان میں کارخانے لگیں گے۔ حقیقت سے اس بات کا کوئی تعلق نہیں ہے کہ Western route پر سارے دوست agree نہیں ہیں۔ Prime Minister of Pakistan نے خود سب کو بلایا اور اس بات پر اتفاق ہوا اور ابھی کچھ روز پہلے Chief Minister Khyber Pakhtunkhwa اور ان کی Cabinet کے وزرا اسلام آباد آئے اور meeting کی، ان سب نے اس بات پر agree کیا ہے۔ سب سے زیادہ اس project سے کسی صوبے کو فائدہ ہونا ہے تو وہ صوبہ خیبر پختونخوا ہے۔ سب سے پہلا روٹ جو شروع ہونا ہے اس میں پانچ وہ اضلاع ہیں جو خیبر پختونخوا کے ہیں۔ آج ہمارے دوست اگر ان پانچ اضلاع کو باہر نکال کر بات کرتے ہیں۔ اگر برھان سے لے کر ڈی آئی خان جانا ہے تو وہ بھی خیبر پختونخوا میں ہے۔ ہاں کچھ لوگوں کو شاید ڈی آئی خان کا نام پسند نہ

ہو، میں مولانا صاحب کو کہوں گا کہ اس کے لیے کوئی قرارداد پیش کر دیں کہ ڈی آئی خان کا نام اس میں شامل ہو گیا تو شاید ان کو پسند نہیں کہ روٹ ڈی آئی خان کیوں جاتا ہے۔ خیبر پختونخوا میں سب سے زیادہ پسماندہ علاقے کون سے ہیں مجھے بتایا جائے، سب سے پسماندہ علاقے ہزارہ کے ڈسٹرکٹ ہیں یا Southern districts ہیں۔ یہ معاملہ ہمارے دوستوں کو خوش دلی سے اور پاکستانی ہو کر سوچنا پڑے گا۔ ہمیں یقیناً صوبوں کی بات کرنی ہو گی ، کچھ projects ایسے ہوتے ہیں جو اضلاع سے relate کرتے ہیں، کچھ صوبوں سے relate کرتے ہیں اور کچھ کا تعلق ملک سے ہوتا ہے۔ یہ وہ بڑا project ہے جو ملک سے relate کرتا ہے۔ انشاء اللہ یہ پاکستان کے لوگوں کے لیے نہ صرف game changer ہو گا بلکہ fate changer بھی ہو گا جس کی وجہ سے پاکستان میں خوشحالی آئے گی۔ سینیٹر الیاس احمد بلور صاحب کی زندگی میں وہ وقت آنے والا ہے، یہ جس طرح آج موٹروے کی تعریف کرتے ہیں، جو انڈسٹری لگی ہے اس کی تعریف کرتے ہیں، جو infrastructure بنایا گیا ہے اس کی تعریف کرتے ہیں۔ جب ہماری حکومت آئی تھی تو بارہ سے اٹھارہ گھنٹے load shedding ہوتی تھی۔ اب وہ چار گھنٹوں تک آ گئی ہے تو جس طرح یہ ان projects کی تعریف کرتے ہیں انشاء اللہ آنے والے وقت میں یہ دوست اس project کی بھی اسی طرح تعریف کریں گے۔ میری ان سے ایک مودبانہ درخواست ہے کہ جو پریشانی دوسرے ممالک کو ہے، مجھے وہ پریشانی سمجھ آتی ہے کہ انڈیا اس project سے کیوں پریشان ہے۔ مجھے یہ بھی سمجھ آتی ہے کہ جو دیگر ممالک ہیں ان کو پریشانی ہے کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان future کا economic hub بننے جا رہا ہے۔ ساری دنیا کی business activities اس ملک میں ہوں گی۔ اس ملک کے نوجوانوں کو نوکریاں ملیں گی۔ چائنا اپنی industries کو ہمارے اس علاقے میں move کرے گا اور یہاں پر industrial zones and industrial parks بنیں گے اس لیے ان کی پریشانی مجھے سمجھ آتی ہے۔ وزیر اعظم پاکستان نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ہم نے پاکستان کی خدمت کرنی ہے۔ جناب چیئرمین! ان کو غم ان projects کا نہیں ہے یہ دل سے مانتے ہیں کہ یہ بہت اعلیٰ منصوبہ ہے اور اس سے پاکستان کے لوگوں کی تقدیر بدل جائے گی لیکن ان کو 2018 کا دن یاد آتا ہے کہ 10000 Megawatt بجلی پیدا ہونی شروع ہو جائے گی جس کی وجہ سے نئے کارخانے لگیں گے اور یہ اندھیرے ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گے۔ پاکستان میں economic activities عروج پر پہنچ

جائیں گی ۔ وہ وقت بھی تھا جب لوگ پاکستان میں نہیں د بئی میں meeting کیا کرتے تھے کہ پاکستان safe نہیں ہے ۔ جب ایک safe ملک بنا دیا گیا، اندھیرے بھی ختم ہو جائیں گے، business activities بھی شروع ہو جائیں گی، نوجوانوں کو نوکریاں بھی ملیں گی تو ان کا حال وہی ہوگا جو آزاد کشمیر کے الیکشن میں آزاد کشمیر کے لوگوں نے ان کے ساتھ کیا ہے ۔ ان کو ڈر اس project سے نہیں۔ جب یہ 2018 کو دیکھتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ مسلم لیگ نے جو لوگوں سے وعدہ کیا تھا کہا تھا کہ جب ہماری حکومت آئے گی تو اس ملک سے energy crisis کو ختم کر دیں گے۔ اس ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کر دیں گے، ملک کو economic hub بنا دیں گے، نوجوانوں کو نوکریاں دیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کچھ مشکلات ہیں لیکن یہ ان کو برداشت کرنا پڑے گا۔ لوگ کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ دیں گے۔ انشاء اللہ پاکستان خوشحال ہوگا تو تمام صوبے خوشحال ہوں گے۔ یہاں پر کھڑے ہو کر ایک message دیا جاتا ہے کہ ہمارے ساتھ بڑی زیادتی ہو رہی ہے، پاکستان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ میں ان issues پر نہیں جانا چاہتا ورنہ میں ثابت کر سکتا ہوں کہ کن لوگوں اور جماعتوں نے پاکستان کو اس حال پر پہنچایا ہے اور جو پاکستان کے اندر معاملات ہیں وہ کن جماعتوں کی وجہ سے ہیں۔ مہربانی کریں کہ اگر پاکستان میں خوشحالی کے لیے کوئی projects لگ رہے ہیں، پاکستان کی بہتری کے لیے لگتے ہیں تو ان سے صرف مسلم لیگ (ن) کو فائدہ نہیں ہوگا یہ project بارہ سے پندرہ سال پر محیط ہیں۔ آنے والا وقت پتا نہیں کس جماعت کا ہوگا اگر آپ کو موقع ملا تو یہ پاکستان کی خوشحالی ہوگی۔ پاکستان کی خوشحالی کو اگر ہم بند گلی میں دیکھیں، ایک خاص عینک لگا کر دیکھیں گے تو یہ جائز نہیں ہے۔ چائنا ہمارا دوست ملک ہے ان کے Prime Minister پارلیمان میں تشریف لائے ، جناب چیئرمین! آپ بھی وہاں تشریف فرما تھے، انہوں نے کہا کہ پاکستان میرا دوسرا گھر ہے اور ہم پاکستان کو آگے لے جانے کے لیے یہاں investment کرنے آئے ہیں۔ شاید ہی پچھلے بیس سالوں میں کسی ایک ملک نے کسی دوسرے ملک میں اتنی بڑی investment کی ہو۔ ہمیں چھوٹی باتیں، اپنے غم بھلا کر پاکستان کی ترقی کے لیے سوچنا ہوگا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر فرحت اللہ بابر صاحب۔

Senator Farhatullah Babar

سینیٹر فرحت اللہ بابر: شکریہ۔ جناب چیئرمین! مجھے فاضل سینیٹر جاوید عباسی صاحب کی گفتگو سن کر بڑا افسوس ہوا، میں ان کا بڑا احترام کرتا ہوں but the tone, the tanner is a sure way to make the and the arguments جو انہوں نے دیے project controversial. ہمارا خیال یہ تھا کہ جاوید عباسی صاحب اس معاملے پر روشنی ڈالیں گے لیکن روشنی ڈالنے کی بجائے he has generated heat and the project has been made more controversial than it was before. جناب چیئرمین! اس project کے دو پہلو ہیں۔ ایک Western route ہے جس کے بارے میں یہاں کافی بات ہوئی ہے، تاج حیدر صاحب، جمالدینی صاحب نے بھی بات کی اور دوسرا پہلو strictly جو adjournment motion کے الفاظ کے ساتھ ہے regarding the salient points of the agreements between Pakistan and China یہ دو distinct پہلو ہیں۔ میں اس وقت Western route کی بات نہیں کر رہا، اس controversy پر بات نہیں کر رہا کیونکہ اس پر کافی بات ہو گئی ہے، میں آپ کے سامنے تین نکات رکھنا چاہتا ہوں کہ کیوں اب project controversial بنتا جا رہا ہے، not only also with respect to the salient کے حوالے سے بلکہ Western route points of agreement between Pakistan andChina.

جناب چیئرمین! یہ اس لیے controversial بن رہا ہے کہ پچھلے دنوں معتبر اخبار میں خبر آئی اور اس میں un-named security اداروں کو quote کرتے ہوئے کہا گیا کہ موجودہ حکومت اور security اداروں کے درمیان ایک تضاد، ایک tussle ہے اور وہ یہ ہے کہ security کے ادارے CPEC project کو خود چلانا چاہتے ہیں یا وہ یہ چاہتے ہیں کہ ایک علیحدہ ادارہ بنے جو اس project کو oversee کرے اور اس ادارے میں security کے اداروں کی نمائندگی ہو۔ یہ خبر آئی اور اس میں un-named security اداروں کے officials کو quote کیا گیا۔ ہم انتظار کر رہے تھے کہ security کے اداروں کے ترجمان کی طرف سے کوئی tweet خبر یا تردید آئے گی لیکن وہ نہیں آئی حتیٰ کہ پاکستان میں چین کے سفیر کو اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی اور انہوں نے اس کی تردید کی۔

جناب چیئرمین! جب ہم چین کو اس طرح بیچ میں لاتے ہیں اور چین کی حکومت کو مجبور کرتے ہیں کہ وہ خود تردید جاری کریں تو ہم نے اس projectکو ، اس لحاظ سے بھی controversial بنا دیا ہے پاکستان اور چین کے درمیان کیا agreement ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کے سامنے تین چیزیں رکھنا چاہتا ہوں کہ why it is important کہ پاکستان اور چین کے درمیان کیاagreement ہے، جیسے کہ تاج حیدر صاحب نے کہا کہ غلط فہمیوں کا دائرہ بڑھے گا جب تک آپ وہ agreement اور اپنی ہونے والی meetings کے minutes سامنے نہیں لائیں گے۔ مثلاً نمبر ایک، یہ فاضل وزیر صاحب نے بھی کہا ہے کہ اس projectکے مختلف پہلوؤں کے لیے قرضہ چینی بینکوں سے لیا جائے گا۔ جناب چیئرمین! آپ نے agreement کیا ہے تو جب Chinese banks قرضہ دیں گے اور وہ خود مانتے ہیں کہ higher interest rate ہے تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس interest rateپر taxپاکستان کی حکومت کو ملے گا یا نہیں؟ .This is a question, I want to askاس میں میرا national interest involved ہے۔

جناب چیئرمین! اس agreementکے حوالے سے دوسرا سوال یہ ہے کہ crude oil گوادر سے چین کی طرف جائے گا اور جب وہ oil جائے گا تو کیا ہم نے agreementمیں یہ چیز رکھی ہے کہ ہمارا صرف transit route ہو گا یا ہم بلوچستان میں چین کی مدد سے refinery لگائیں گے اور سارے crude oil کو نہیں تو دس، پندرہ فیصد کو refine کریں گے کیونکہ اس سے میری industry generate ہو گی اور اس سے jobs generate ہوں گی، بلوچستان کی ترقی ہو گی۔ Mr. Chairman, I want to know کہ جب آپ نے یہ agreement کیا تو کیا transit route ہو گا یا آپ نے چین کے ساتھ مل کر کوئی industrial policy بنائی ہے؟ آپ JCC کی meeting کے minutes کیوں نہیں لانا چاہتے؟ آپ وہ agreements کیوں public نہیں کرنا چاہتے اور سینیٹ کو کیوں نہیں بتاتے؟

جناب چیئرمین! آپ نے جب چین کے ساتھ agreement کیا، یہ خبریں آ رہی ہیں اور فاضل وزیر صاحب نے بھی کہا ہے کہ قرضہ بھی Chinese banks سے لیا جائے گا، Chinese manpower and material بھی Chinese ہو گا تو میرا تیسرا سوال ہے کہ اگر

impact cement بھی چین سے آئے اور اس کا زیادہ material and manpower پر ہوگا، and steel what will happen with our own cement and steel industry ان کے لوگوں اور ملازمین کا کیا ہوگا؟ جناب چیئرمین! CPEC کا پاکستان اور چین کے agreement کا یہ پہلو ایسا ہے جس پر کھل کر کوئی بات نہیں ہوئی۔ ہم جو باتیں کرتے ہیں، ان کا جواب Chinese Embassy دیتی ہے، یہ project day by day more controversial ہوتا جارہا ہے۔ میں ایک بار پھر دکھ کا اظہار کرتا ہوں کہ فاضل سینیٹر صاحب نے جس diction, جس metaphor میں بات کی ہے، یقیناً انہوں نے اس project کو مزید controversial بنایا ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ بیرسٹر سیف صاحب۔

Senator Muhammad Ali Khan Saif

سینیٹر محمد علی خان سیف: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! جس موضوع پر گفتگو ہو رہی ہے، وہ پاکستان میں اچھا خاصا debated issue ہے۔ CPEC, 46 billion dollar کی investment ہے، اگر 46 trillion dollar کی بھی investment آجائے تو اس سے بھی اس ملک کے حالات پر کوئی فرق نہیں پڑے گا اور یہ ہماری غلط فہمی ہے کہ CPEC game changer ہے، عباسی صاحب کے نزدیک fate changer ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی changer نہیں ہے۔ یہ آخر میں money changer بن جائے گا جس سے کچھ لوگوں کی جیبوں میں اچھے خاصے نوٹ آجائیں گے اور کچھ لوگ غریب ہو جائیں گے۔ دنیا میں سب کو پتا ہے، جتنے بھی developed systems اور معاشرے ہیں، وہاں پر mega projects سے کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ تبدیلی تب آتی ہے جب اس mega project کے ساتھ enabling environment and facilitating infrastructure بھی develop ہو تاکہ اس کے فائدے نیچے grass roots level تک پہنچیں۔ ہم اوپر اوپر سے سب کچھ کر رہے ہیں لیکن ہماری بنیادیں کھوکھلی ہیں۔ اگر mega projects کے نتیجے میں دنیا میں کوئی تبدیلی آتی تو شاید آج امریکہ میں جو کچھ ہو رہا ہے، جو کچھ چند دن پہلے جرمنی میں ہوا، سوویت یونین اتنی بڑی طاقت

تھی، کہاں پہنچ گیا، یہ سب کچھ نہ ہوتا۔ قوموں کی ترقی میں infrastructure کی development بہت معمولی حصہ ہے اور شاید اسی لیے علامہ اقبال نے کہا تھا؛

جہان تازہ کی افکار تازہ سے ہے نمود
کہ سنگ و خشت سے ہوتے نہیں جہاں پیدا

میرے خیال میں بڑی بڑی buildings and roads بنانے سے قوم کی ترقی نہیں ہو گی، آپ پہلے وہ environment پیدا کریں جس میں قوم کی ذہنی اور شعوری ترقی ہو، باقی چیزیں ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔ جہاں تک اس project کا تعلق ہے، آج تک نہ تو اس کی کوئی feasibility report and PC1 سامنے آیا ہے، کام شروع ہو چکا ہے، زمینیں خریدی جا رہی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ transparency کا فقدان ہے اور شاید commitment بھی اس level کی نہیں ہے، جس کا اظہار کسی ترقی یافتہ قوم میں ضروری ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جب آپ بیوپاریوں، تاجروں، دکانداروں کو زمام اقتدار اور حکومت دیں گے تو پھر کاروباری نوعیت کے projects بنیں گے، جس میں طبقات oligarchs کو تو فائدہ ہو گا لیکن عوام الناس اسی طرح تقریریں کرتی رہ جائے گی اور کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ میرا یہ خیال ہے کہ اگر آپ اس طرح کے بڑے projects کو انصاف اور شفافیت کے ساتھ implement نہیں کرتے تو یہ محرومیوں کا باعث بنتے ہیں اور جس قوم میں محرومیاں generate ہوتی ہیں، وہ قوم تباہ ہو جاتی ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سعود مجید صاحب۔

Senator Saud Majeed

سینیٹر سعود مجید: شکریہ۔ جناب چیئرمین! آج اس august House میں بڑے اہم topic پر بحث ہو رہی ہے۔ دوستوں اور honourable Senators کی گفتگو سن کر ایسا لگتا ہے کہ اس کے بارے میں بہت سی misconceptions بھی ہیں۔ میں ایک درخواست کروں گا کہ اگر کوئی ایسا sensitive matter discuss ہو رہا ہو، جس میں ہمارا آپس میں اختلاف رائے ہو اور اس میں ہمارے دوست ممالک کی بھی involvement ہے اور foreign dignitaries آئے ہوں تو ہمیں اس سے پرہیز کرنی چاہیے تاکہ آپس کی بات آپس میں ہی رہے اور

باہر نہیں جانی چاہیے۔ وہ آئے ہیں تو ہمیں بھی ہاتھ ہلکا رکھنا چاہیے کہ ان معاملات کو زیادہ نہ اچھالیں کہ وہ لوگ بھی محسوس کریں۔ بہت سی misconceptions ہیں اور ہم جس طرح بات کو گھما پھرا کر کرتے ہیں، مجھے ان چند چیزوں پر اعتراض بھی ہے۔ ہم سب سے پہلے خیبر پختونخوا کی بات کرتے ہیں کہ ادھر آنا تو لازمی تھا، ہم نے چین سے لے کر گوادر تک جانا ہے، بہت سی جگہیں لازمی ہوں گی، جہاں سے جانا ہے۔ یہ کہنا کہ جتنا علاقہ لازمی تھا، اس کو اس میں سے منہا کر دیں، باقی ہماری مرضی سے یہ ہوا ہے کیونکہ ہر صوبے اور ہر ضلعے کا شخص یہ کہنا شروع کر دے گا کہ میری مرضی سے چلیں تو یہ جو national project ہے، جس میں دوسرے ملک کی بھی involvement ہے اور ان کی نہ صرف aid ہے بلکہ قرضہ بھی ہے جو کہ انہوں نے recover کرنا ہے کیونکہ وہ قرضہ ان کی companies کو دیا جا رہا ہے جو یہاں کام کریں گی۔ وہ اسے ایک business model بنا رہے ہیں تاکہ اس قرضے کی recovery بھی ہو سکے۔ ہم اگر اس طرح کے اپنے interests لگائیں گے کہ میرے ضلع میں سے ہو کر جائے، ہم اسے zigzag بنا کر گوادر تک لے کر جائیں گے تو یہ بات کچھ سمجھ میں نہیں آتی۔ البتہ اس میں ہر ایک کو share ملنا چاہیے۔ اس میں کچھ چیزیں ایسی ہیں جن میں misconception ہے کہ شاید Northern route کے بارے میں بات کی جا رہی ہے۔ یہاں پر وزیر موصوف نے بہت clarity سے بتایا تھا کہ ہم نے اس کے ایک حصے پر کام کرنا شروع کر دیا ہے، اس کے لیے 20 ارب روپے رکھے گئے ہیں اور اس سے آگے کے روٹ کے لیے feasibility بن رہی ہے کہ اس میں کیا کیا چیزیں آنی ہیں، کس کس علاقے سے گزرنا ہے، ایک detail ہوتی ہے جو کہ کسی بھی road network کو بنانے کے لیے time لیتی ہے۔

میں معذرت سے کہنا چاہوں گا کہ یہاں پر جتنی بھی بحث ہوئی وہ صرف ایک روٹ پر ہوئی، یہ بات نہیں ہوئی کہ اس میں کیا کیا چیزیں آ رہی ہیں، اس میں airports آ رہے ہیں، power projects ہے، ہم نے صرف ایک سڑک کو دیکھا ہے اور ہر کوئی سڑک کو اپنے اپنے علاقے میں تقسیم کرنے پر لگا ہوا ہے۔ ایک اور misconception ہے کہ سارا چائنا یہاں گھس جائے گا، یہاں پر Chinese labour آ جائے گی اور ریڑھی بھی Chinese labour چلا رہے ہوں گے۔ میرے جو دوست بات کر رہے ہیں شاید ان کو نہیں معلوم کہ چائنا میں بہت زیادہ ترقی ہو چکی ہے، ان کی middle class بہت زیادہ آگے جا چکی ہے، ان کی labour کی cost اتنی بڑھ گئی ہے کہ اب وہ

چھوٹے ممالک کی طرف دیکھنا شروع ہو گئے ہیں کہ جہاں سے ان کو cheap labour مل سکے تاکہ وہ ان سے کام لے سکیں۔ ان کی انڈسٹری ارد گرد venues دیکھ رہی ہے کہ وہ کہاں پر invest کریں کہ ان کی labour کی cost کم ہو جائے۔ اگر ہم اس وقت یہ بات کریں کہ چائنا سے مزدوروں کا اتنا inflow ہو گا کہ سارا پاکستان نہیں رہے گا اور ہر طرف Chinese ہی نظر آئیں گے اور Chinese ہی raw material نظر آئے گا، جہاں تک raw material کی بات ہے تو یہ اتنے بڑے projects ہیں کہ شاید اس میں جو available raw material ہے، اسے ہم پورا نہ کر سکیں، ایک طرف آپ کی housing industry چل رہی ہے، دوسری طرف آپ کے اپنے programmes, road network وغیرہ چل رہے ہیں، چاروں صوبوں میں ترقیاتی کام ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ جو CPEC کا burden آئے گا تو شاید پاکستان میں وہ raw material موجود نہ ہو جتنا کہ ان کو required ہے تو پھر ظاہر ہے وہ اپنے ملک سے لے کر آئیں گے اور اس پر ہمیں اعتراض بھی نہیں ہونا چاہیے۔ ہم یہاں اس قسم کے چھوٹے چھوٹے اعتراضات کر رہے ہیں۔ یہ بتایا جائے کہ کونسا ایسا ملک ہے جس نے پاکستان میں 9,10,11 billion کی aid دی ہو، جو ممالک ہمیں دو دو سو ملین کی aid دیتے ہیں اور ہمیں ہر چیز dictate کراتے ہیں، ان پر تو ہم سارے خاموش رہتے ہیں لیکن جو ملک ہمیں 12 billion کی aid دے رہا ہے، اس پر ہمیں بہت اعتراضات ہیں اور اس ملک پر اعتراض ہے جس نے پاکستان کا ہر مشکل وقت میں ساتھ دیا ہے، جب پاکستان پر مشکل آئی تھی تو اس نے پاکستان کے حق میں security council میں veto کیا، جب نیوکلیئر کی بات آ رہی تھی تو اس نے پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا اور انڈیا کو ممبر نہیں بننے دیا۔ ہم اس ملک کی بات کریں جو پاکستان کے interests internationally بھی ہر جگہ watch کرتا ہے۔ ہمیں ان سے یہ پریشانی ہے کہ وہاں یہاں پر آ کر business کریں گے اور اس business میں ہم بھی حصہ دار بنیں گے اور وہ ملک بھی حصہ دار بنے گا۔

یہاں پر ایک اور بات کہی گئی کہ کراچی سے چار رویہ روڈ نکلے گی۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے، وہاں پر traffic کے issues ہیں، کئی مسائل ہیں، اگر وہاں سے چار رویہ روڈ نکالی جا رہی ہے تو ہمیں کیوں اعتراض ہونا چاہیے، اگر ہمارے پختون بھائیوں کو اس پر اعتراض ہے تو میرے خیال میں کراچی جیسے بڑے شہر میں سب سے زیادہ پختون رہتے ہیں، ہمیں ان کا ہی سوچ لینا چاہیے کہ وہاں پر

ان کا بھی کچھ shareبنتا ہے۔اگر ہم زبانوں کی بات کریں گے اور اپنے صوبے کو بھی زبان پر تقسیم کریں گے تو ہم کوئیnationalismکی بات نہیں کر رہے، ہم صرف ایک زبان کی بات کر رہے ہیں، ایک breedکی بات کر رہے ہیں، ہمیں ایسا نہیں کرنا چاہیے اور خاص طور پر اس House of Federationمیں نہیں کرنا چاہیے۔ ہم سب نے مل کر اس ملک کے بارے میں سوچنا ہے، ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ پاکستان میں کیسے ترقی ہو سکتی ہے، ہمیں پشاور جانے کے لیے کوئی ویزہ نہیں لینا پڑتا اور نہ ہی پشاور والے کو لاہور آنے کے لیے ویزہ لینا پڑتا ہے۔ ہم سب ان چیزوں کو enjoyکر سکتے ہیں جو پاکستان کے کسی خطے میں بھی موجود ہوں۔ لہذا ہمیں پاکستان کی ترقی دیکھنی چاہیے، بے شک وہ کسی خطے میں بھی ہو رہی ہو۔ میں ایک اور بات بھی کہوں گا کہ loansکو وہ companiesبھی دیکھتی ہیں کہ یہ commercially viable کیسے ہوں گے، جہاں پر ان کو زیادہ مارکیٹ نظر آئے گی تو ان کا رخ بھی اسی طرف ہو گا۔ بہت سی جگہیں ہیں، جیسے western routeکی بات ہوتی ہے، شاید ہمیں کئی چیزوں پر ان کو بہت زیادہ convinceکرنا پڑتا ہے کہ آپ اس طرف سے جائیں لیکن وہ convinceنہیں ہوتے، بہت سی ایسی چیزیں جو ہمیں راستے میں خود بنانی پڑ رہی ہیں کیونکہ وہ ان کے لیے viableنہیں ہیں۔ وہ aidضرور دے رہے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ اپنی viabilityبھی دیکھ رہے ہیں کہ ان کی companiesپاکستان میں ڈوب نہ جائیں۔

میرا پہلے اس موضوع پر بات کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا لیکن جب دوستوں کی رائے سنی اور خاص طور پر اپنے بزرگ لوگوں کی باتیں سنی جو میرے والد کے بھی دوست ہیں تو میں پریشان ہو گیا کہ ان کے ذہن میں پتا نہیں کیا چل رہا ہے تو مجھے یہ misconceptionsدور کر دینی چاہییں۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے بہت تحمل سے سنا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ شیری رحمن صاحبہ، she is not present. میاں عتیق صاحب۔

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب چیئرمین! آج ہم CPECپر ایک بار پھر بات کرنے جا رہے ہیں، ہم امید کرتے ہیں اور خدا سے دعا بھی کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہماری خاص مدد فرمائے، ہم سب ساتھی جو یہاں بیٹھے ہیں، ہمارا مقصد آپس میں ایسی بات پر discussکرنا ہے اور ایسا لائحہ عمل اختیار کرنا ہے

کہ جس میں قوم کی بہتری ہو۔ CPECایک نہایت ہی اہم اور پاکستان کے لیے موزوں ترین projectہے۔ چاہے کوئی کراچی سے belongکرتا ہوں، چاہے گلگت بلتستان یا پاکستان کے کسی حصے سے belongکرتا ہو، وہ اس projectسے انکار نہیں کر سکتا۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ دو سال گزر جانے کے باوجود بھی ہم آج تک مل کر ایک روٹ کا تعین نہیں کر سکے۔ میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گا کہ حکومت وقت اور بالخصوص جو CPEC projectکے ذمہ داران ہیں، یہ ان کی ذمہ داری بنتی ہے۔ جیسے یہاں بلوچستان کی طرف سے بات کی جارہی ہے یا ہمارے KPKکے ساتھی بات کر رہے ہیں، یہ ان کا حق ہے کہ وہ بات کریں چونکہ they are representatives of that region, وہ یہاں ان لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اب اس پر اگر یہ کہا جائے کہ بلوچستان والے یا KPKوالے بات نہ کریں، میرے لیے یہ بڑی عجیب بات ہے کہ جب یہ کہا گیا کہ شاید کوئی پروگرام ہے۔ جناب! کس کا پروگرام ہو گا اس projectکو تباہ کرنے کا انہی کا پروگرام ہو سکتا ہے جو شاید پاکستان کو پھلتے پھولتے نہیں دیکھنا چاہتے، غلطیاں ہماری ہیں، ہم دوسروں پر نہ ڈالیں تو بہتر ہو گا۔ اس سے پہلے بھی Prime Ministerصاحب نے کوشش کی، انہوں نے ایک مرتبہ سب کو بٹھا کر بات بھی کی اور کہا کہ میں اسے خود دیکھوں گا۔ میں ان سے گزارش کروں گا کہ یہ معاملہ نہایت ہی سنگین نوعیت کا ہوتا جارہا ہے، اس سے پہلے کہ یہ مزید خراب ہو، وہ اسے دوبارہ دیکھیں۔ ایک تو ان لوگوں کے خدشات ہیں جو یہاں ایوانوں میں موجود ہیں اور ایک ابہام عام عوام کا ہے، وہ لوگ آج تک یہی نہیں سمجھ سکے کہ اصل معنوں میں CPECکیا ہے۔ ہماری جو Special Committeeکی رپورٹ آئی تھی، اس میں ہم نے بہت سارا کام کر کے تجاویز دیں لیکن اس پر کیا کام ہوا، کچھ بھی نہیں ہوا۔ جناب! یہاں یہ جو feasibility and PC-1کی بات ہوئی، شاید PC-1 and feasibility بنی ہو یا نہ بنی ہو یا نہ دکھائی گئی ہو، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس projectکو موم کی ناک کی طرح رکھا جارہا ہے جب دل کرے، جس طرف دل کرے لے جائیں جو کہ مناسب نہیں ہے۔ جناب! ابھی میں دیکھ رہا تھا، جب Chinese Presidentیہاں تشریف لائے تو 51-MoUs signہوئے اور ساتھ ہی ساتھ unveiling of plaque's 8 projects, اور اس کے ساتھ ground breaking of 5 power projects بھی ہوئی۔ اب یہ projectsکس نوعیت کے ہیں، کہاں جارہے ہیں، ان میں کون سے CPECمیں ہیں، کون سے

نہیں ہیں، یہ بات بھی متعدد بار ہر forum پر پوچھی گئی لیکن حکومت نے نہیں بتائی۔ اس طرح کی باتوں سے جو ابہام پیدا ہوتا ہے، جو ایک تشویش لاحق ہوتی ہے وہ شاید جائز ہے، آج ذمہ داری پھر حکومت وقت کی ہے، یہ ہم نے چونکہ discuss کرنا شروع کیا، جمال دینی صاحب نے ماشاءاللہ اس پر بہت کام کیا اور بڑے اچھے وقت پر اس کو لے کر آئے۔ جناب! ہم salient features کی بات کر رہے ہیں، میرے خیال میں حکومت یہ چاہتی ہے کہ کوئی بھی agreement جو ہے اس کا salient feature کیا بتائیں، اس کو silent feature کر کے رکھا جائے تو زیادہ بہتر ہے کیونکہ حکومت وقت کو suit ہی وہی کر رہا ہے۔ ہمارے سوال پوچھنے پر بھی اعتراض ہوتا ہے، بات کرنے پر بھی اعتراض ہوتا ہے لیکن جو اپنی ذمہ داری ہے وہ پوری کرنے سے یہ قاصر ہیں۔ جب committees میں بھی آنے کی بات ہوتی ہے تو وہاں پر بھی سوال کچھ اور ہوتا ہے جواب کچھ اور دیا جاتا ہے۔ جناب! میں ایک بار پھر کہوں گا کہ اب جو بھی صورتحال ہو اگر حکومت وقت چاہے گی تبھی ہم اس project کو آگے لے کر چل سکتے ہیں ورنہ آج جیسے کہا گیا کہ کوئی اور تو پھر جس کا زور ہو وہ تو اپنا زور دکھائے گا اور اس میں قصور وار پھر ہم ہوں گے۔ کل کو اگر یہ کہا جائے کہ کسی زور والے نے کان سے پکڑ کر اس project کو اپنی طرف لے لیا یا کر لیا، کرایا تو اس کے قصور وار صرف اور صرف ہم ہوں گے، اس کی وجہ یہ ہے کہ آج بھی ملک میں ادارے، افراد، ہم سب یہ چاہتے ہیں کہ یہ project چلے، آگے بڑھے کیونکہ ہماری قوم اور generation کا future اس project سے منسلک ہے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ، اللہ نہ کرے! آپ نے جو بات کہی ہے۔ جی اچکزئی صاحب۔

Senator Muhammad Daud Khan Achakzai Advocate

سینیٹر محمد داؤد خان اچکزئی ایڈوکیٹ: جناب چیئرمین صاحب! آپ کا شکریہ۔ ساتھیوں نے CPEC پر تفصیل سے بات کی، میں صرف چند points کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ میرے ساتھی نے کہا کہ سندھ میں ایک سڑک بن رہی ہے، اس لیے اس کی پشتون بھائی مخالفت کر رہے ہیں جبکہ APC میں تمام پارٹیاں جو پارلیمنٹ میں موجود ہیں سوائے مسلم لیگ (ن) کے، صرف مسلم لیگ (ن) اس کی مخالفت کر رہی ہے۔ آپ اگر اس ایوان میں دیکھیں، دونوں اطراف سے جو تقریریں ہو رہی ہیں، سب کا موقف ایک جیسا ہے، مگر ان کی طرف سے جو باتیں آتی ہیں، ہم سوالات کچھ کرتے ہیں اور ان

کے جوابات کچھ اور آتے ہیں۔ جمالدینی صاحب تحریک لائے ہیں، اس میں پوچھا گیا ہے کہ پاکستان اور Chinaکے درمیان جو agreementہوا ہے، وہ ایوان کے سامنے پیش کیا جائے، اس agreementمیں کیا ہے، وہ کیوں چھپا رہے ہیں۔ میرے علم کے مطابق اس میں کچھ بنیادی باتیں سامنے آئی ہیں کہ چالیس سال تک گوادر کو tax free portقرار دیا گیا ہے اور کیوں قرار دیا گیا ہے، اس مد میں پاکستان کو کیا فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ میں پرانی باتوں میں دوبارہ نہیں جانا چاہتا ہوں، میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں، ہمیں اس کی مثال پچھلے دنوں بھی ملی کہ ہم جو فیصلے کرتے ہیں، وہ دس یا بیس سال کے بعد ہمارے سامنے آنا شروع ہو جاتے ہیں اور وہ وہیں رہتے ہیں، ہم وقت پر ان کا حل نہیں نکالتے۔

جناب! پچھلے دنوں جب دس سال پہلے PTCL کو privatizeکیا گیا تھا، اس مد میں اتصلات گروپ کے پاس ہمارے 8 million کے بقایاجات تھے۔ کچھ دن پہلے شیخ زید بن سلطان النہیان پاکستان تشریف لائے تھے، ہمارے Finance Ministerنے ان سے ملاقات بھی کی تھی اور اس سلسلے میں کوئی بات سامنے نہیں آئی، نہ یہاں پر ایوان میں پیش کی گئی کہ ہمیں یہ 8 millionدس سال سے کیوں نہیں مل رہے اور ہمیں اس کے عوض کیا مراعات مل رہی ہیں۔ کیا اس میں کچھ لوگ انفرادی مراعات حاصل کر رہے ہیں یا فوائد حاصل کر رہے ہیں۔ اسی طرح ان agreementsمیں بھی شک یہاں پر پیدا ہوتا ہے کہ آپ پنجاب کے لیے اورنج ٹرین تحفے میں وصول کرتے ہیں اور آپ کمیٹیوں کے سامنے بتاتے ہیں کہ اورنج ٹرین CPECکا حصہ نہیں ہے، ایک سال تک CPECکا حصہ نہیں ہوتی ہے پھر سال بعد اسی ایوان میں کہتے ہیں کہ نہیں، نہیں وہ CPECکا حصہ ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! میری یہ requestہے کہ جو بھی متعلقہ وزیر ہے، ابھی پتا نہیں ہے کہ کون جواب دے گا، اگر ہم Communicationکے متعلق بات کرتے ہیں تو اس کا Planningوالے آکر جواب دیتے ہیں، اگر آپ ان کو تھوڑا سا گھیر لیتے ہیں، وہ کچھ باتوں میں آ جاتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے، اس کا تعلق فلاں وزارت سے ہے۔ جیسے تاج حیدر صاحب نے کہا کہ ہم یہ باتیں کرتے ہیں اور یہ باتیں mediaمیں نہیں آتی ہیں، پتا نہیں وہاں تک پہنچتی بھی ہیں یا کس طریقے سے پہنچتی ہیں، کچھ باتیں ہیں، وزیر صاحب کو ان کی ایوان میں آکر کھل کر وضاحت کرنی چاہیے۔ تمام پارٹیوں کے سربراہان کی موجودگی میں 28 مئی کو وزیراعظم صاحب نے

ایک اعلان کیا تھا، یہاں پر آ کر کہیں کہ اب وہ اعلان ممکن نہیں رہا، میں اس پر عملدرآمد نہیں کرا سکتا ہوں، کس وجہ سے نہیں کرا سکتا ہوں، وہ اس کی بھی وضاحت کریں۔ یہاں پر ہماری توجہ issue سے ہٹانے کے لیے اس طرح کی باتیں کرتے ہیں کہ foreign dignitaries آئے تھے، ہمیں ان کے سامنے اس طرح کی باتیں نہیں کرنی چاہییں۔ یہ ایوان کے اندر کی باتیں ہیں، یہ ایوان کے اندر کا record ہے، پتا نہیں کہ آپ اس کو media پر چلنے بھی دیتے ہیں یا نہیں چلنے دیتے۔ آپ چینی سفیر سے کس حوالے سے بیان دلاتے ہیں، ہماری کمیٹی اور ایوان میں جو discussion ہوتی ہے، اس پر ایک چینی سفیر آ کر ہمیں ایک بیان کے ذریعے جواب دیتا ہے، چینی سفیر کون ہوتا ہے جو ہماری باتوں کا جواب دیتا ہے۔ وزیراعظم ایوان میں آتے ہی نہیں ہیں، ان کے وزراء آتے ہی نہیں ہیں، وہ کسی سوال کو صحیح address نہیں کرتے، ایک دوسرے پر ذمہ داریاں ڈالتے ہیں کہ یہ ہماری وزارت سے تعلق نہیں رکھتا، یہ فلاں وزارت سے تعلق رکھتا ہے۔

جناب! CPEC میں فی الحال جو منصوبے چل رہے ہیں، ان میں سب سے زیادہ پیسے energy projects کے لیے رکھے گئے ہیں، CPEC منصوبہ گوادر کی وجہ سے شروع ہوا ہے، یہاں پر Chinese کا interest گوادر کی وجہ سے بنا ہے۔ Energy projects میں بلوچستان کے لیے کونسا project رکھا گیا ہے، خیبر پختونخوا کے لیے کونسا project رکھا گیا ہے۔ آپ سندھی بھائیوں کی بات کرتے ہیں، آپ سندھی بھائیوں کو چھوڑ دیں، سندھی بھائی ہمارا ساتھ دے رہے ہیں، ہم تینوں صوبے ایک ساتھ ہیں بلکہ پنجاب کی اکثر پارٹیاں ہمارے ساتھ ہیں۔ پنجاب میں مسلم لیگ (ق) کی نمائندگی ہے، پنجاب میں PTI کی نمائندگی ہے اور پنجاب میں پیپلز پارٹی کی نمائندگی ہے، ہم سب اس مسئلے پر اکٹھے ہیں۔ ہم جن سے سوالات کر رہے ہیں یا جو حکومت ہے، جو ان مسائل کو deal کر رہے ہیں، وہ اس مسئلے کو حل کرنے کرنے کے لیے سامنے نہیں آ رہے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! اس پر کمیٹیاں بھی بنی ہیں، ہم اس پر کام بھی کر رہے ہیں اور ہم یہ مسئلہ بار بار اٹھائیں گے۔ میں نے جو پچھلی report پیش کی، میں نے اس میں یہ بھی کہا تھا کہ وزراء صاحبان کمیٹیوں میں بھی نہیں آتے۔ ہم نے یکم کو اپنی کمیٹی کی meeting رکھی ہے، اس میں Finance کو بھی بلایا ہے، اس میں Planning and Development کو بھی بلایا ہے اور اس میں Communications کو بھی بلایا ہے۔ میں آپ کو آج ہی اس floor پر کہتا ہوں کہ یہ تینوں

ministries اکٹھی نہیں آئیں گی۔ یہاں پر Leader of the House بھی بیٹھے ہوئے ہیں، آپ نے اس دن Leader of the House کو بتایا، اس دن جو نہیں آئے گا، وہ اپنی جان چھڑانے کے لیے کسی ministry پر ڈال دیں گے، اگر Planning والے نہیں آئے، یہ issues Planning سے متعلق ہیں۔

جناب چیئرمین صاحب! برائے مہربانی ایک دن وزیر اعظم صاحب کو یہاں پر بلائیں، یہ CPEC کا مسئلہ ہے اور دوسرے بہت سے مسائل ہیں، یہ مسئلہ تقریباً 2013 سے چلا آ رہا ہے اور اس کا ایک صحیح حل نکالیں، وزیر اعظم صاحب کو تمام ایوان کو اعتماد میں لینا چاہیے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ جی نہال ہاشمی صاحب۔

Senator Nehal Hashmi

سینیٹر نہال ہاشمی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین، محترم جمالدینی صاحب نے دوستوں کو اچھا موقع دیا کہ وہ اپنی inputs ڈال کر CPEC منصوبے کو اور زیادہ خوبصورت اور بہتر بنا دیں۔ میں سب کی گفتگو سنتا رہا اور اب مجھے اس طرح محسوس ہو رہا ہے کہ 'دادا جی کی فاتحہ اور حلوائی کی دکان'، یہ CPEC نہ ہوا بلکہ دادا جی کی فاتحہ اور حلوائی کی دکان ہو گئی۔ کوئی کسی سمت میں بات کر رہا ہے اور کوئی کسی سمت میں بات کر رہا ہے۔ ہمیں اس issue کو strengthen کرنا چاہیے نہ کہ ہم مختلف چیزوں پر لوٹ سیل لگا دیں۔ آج مجھے ایک اور بات محسوس ہوئی کہ یہ House of Federation ہے اور اس House of Federation میں ایک صوبے کو اور Federation کے ایک pillar کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے۔ اچھا ہو کہ اچھی باتیں کریں۔ خیبر پختونخوا بھی ہمارا ہے، سندھ، بلوچستان، پنجاب اور پورا پاکستان ہمارا ہے تو پھر House of Federation بنتا ہے مگر بعض لوگ پنجاب کو گالی دے کر اپنے سیاسی قد کو بڑھاتے ہیں۔ کیا پنجاب کو گالی دینا اگر فیشن ہے اور پنجاب کو گالی دے کر اور وہاں کے لوگوں کو لعن طعن کر کے آپ کے مسائل حل ہوتے ہیں تو آپ نے آج تک کتنے مسائل حل کر لیے ہیں۔ یہ پاکستان کے اس خطے میں رہنے والے لوگوں کو بہت ہی ناپسندیدہ پیغام جاتا ہے۔ پنجاب اور پنجابی ہونا گناہ بنا دیا گیا ہے۔ ہم یہاں House of Federation میں بیٹھے ہیں، ہم Federation کو تو کہہ سکتے ہیں، اس کے اداروں کی بات تو کر سکتے ہیں لیکن اگر ہم چار میں سے ایک pillar کو بھی کمزور کریں تو Federation بن ہی نہیں

سکتی ہے، پھر تو ہم توہین کر رہے ہیں، یہ House of Federation ہی نہیں ہے۔ میں CPEC پر بات کرنا چاہ رہا تھا لیکن جاوید عباسی صاحب، سعود مجید صاحب اور دیگر دوستوں نے بہت ہی مدلل اور جامع باتیں کیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ میں لفاظی کروں، وہ مہارت نہیں ہے، جتنا کچھ میں سمجھ سکا، تاج حیدر صاحب بھی اس کمیٹی میں تھے اور آپ نے شفقت فرمائی اور مجھے بھی اس کمیٹی میں رکھا۔ ایک خاص mind-set کے تحت ہم کوشش کرتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی نہ کوئی چیزیں رکتی رہیں۔ وہ کہاوت ہے کہ نہ خود کرتا ہے اور نہ کسی کو کرنے دیتا ہے۔ اگرچہ یہ بہت ہی گھسا پٹا شعر ہے لیکن میں پھر بھی سناؤں گا:

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

جناب چیئرمین: آپ چھوڑ دیں، میرا خیال ہے کہ مشاہد اللہ صاحب نے سب پر کچھ پڑھ کر پھونک دیا ہے کہ شعر صرف وہی کہہ سکیں۔

سینیٹر نہال ہاشمی: یہ خطہ بہت سالوں سے development کا منتظر تھا۔ شیر شاہ سوری کے بعد یہ خطہ منتظر تھا کہ کوئی ایسا معمار آئے جو اس خطے کو منور کرے۔ یہاں کے کھیتوں کو لہلہانے کا موقع ملے، یہاں کے اندھیرے مٹائے جائیں، یہاں کی سڑکوں، شہروں اور دلوں کو جوڑا جائے۔ ہزاروں سال بعد پاکستان بننے کے بعد اگر کسی سیاستدان کو توفیق اور توفیق ہوئی کہ وہ محترمہ بے نظیر بھٹو کے ساتھ charter of democracy بھی کرے، جمہوریت کو بھی استحکام دے اور مضبوط کرے اور یہ خواہش بھی رکھے کہ آؤ ایک charter of economy, charter of development, charter of energy, charter of water reservoir کرتے ہیں، اس پر سب گونگے ہیں۔ کوئی بات نہیں کرتا۔ انہوں نے تو salient features of CPEC کی بات کی تھی لیکن لوگوں نے اسے fracture کر دیا۔ ہم یہاں CPEC fracture کرنے پر لگے ہوئے ہیں۔ اس کے salient features and points پر ہم بات کر ہی نہیں رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، پنجاب کی بات کرتے ہوئے جب یہ پیغام باہر جاتا ہے تو جو طالب علم ہیں وہ کیا سوچیں گے۔ ہمیں کوئی حد تو مقرر کرنی ہو گی، وہ حد کیا ہونی چاہیے۔ ہم ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں کس حد تک آگے جا سکتے ہیں۔ ہم کسی ایک صوبے کو کس حد تک frustrate کر سکتے ہیں، ہم اصل مسائل کو کس حد تک نظر انداز کر سکتے ہیں۔ نواز شریف اور حکومت ہے، میں نام نہیں لیتا لیکن جب لوگوں نے نام لیا کہ یہ حکومت اور محترم Prime Minister، انہوں نے متعدد بار لوگوں کو بلایا، APC کی، ان کی باتوں کو سمجھا اور مانا، قومی چیز بنادی گئی۔ یہ وزیر اعظم کا prerogative and domain نہ تھا کہ وہ ٹرانسپورٹ بھی دیکھے۔ اگر پنجاب کے بعد پہلی مرتبہ کوئی mega project باہر شروع ہو رہا ہے تو وہ کراچی میں Green Bus System ہے جسے کون متعارف کروا رہا ہے، وہ یہی Prime Minister ہیں۔ اگر پنجاب میں پنڈی اور اسلام آباد کے بعد کراچی سے لاہور تک کوئی موٹروے کا mega project شروع ہو رہا ہے تو وہ کون کر رہا ہے، جناب وہ یہی حکومت کر رہی ہے۔ اس حکومت کو احساس ہے۔ سندھ، بلوچستان، پنجاب اور خیبر پختونخوا بھی ہمارا ہے، ہم Federation and essence of this House کی بات کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس House میں اس طرح کی باتیں کرنی بند کر دینی چاہئیں۔ میں تو لکھ کر کچھ آیا تھا لیکن جب دوستوں کو دیکھا کہ وہ House of Federation کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ آپ نے اسے کتنا خوبصورت نام دیا۔ آج پنجاب کے لوگ کیا سوچتے ہوں گے۔ اگر پنجاب کی صوبائی حکومت نے محنت کی تو آپ کو کس نے منع کیا ہے کہ آپ خیبر پختونخوا میں ترقیاتی کام نہیں کریں۔ کس نے منع کیا ہے کہ سندھ میں ترقیاتی کام نہیں کریں اور کچرا اٹھانا چھوڑ دیں۔ لوگوں کو پانی دینا چھوڑ دیں۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ بہت مہربانی۔ دھامرا صاحب۔

Senator Mukhtiar Ahmed Dhamrah @ Aajiz

سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز: شکریہ، جناب چیئرمین! بہت ہی اہم issue پر بحث ہو رہی ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ جب احساس محرومی کی بات کی جائے تو پھر Federation کا نام آتا ہے اور پھر کیوں یہ بھول جاتے ہیں کہ یہ House of Federation ہے لیکن اس کے یہ معنی بھی نہیں کہ اسی House of Federation میں

جب تین چھوٹے صوبے اپنے حقوق، اپنی محرومی، frustration کی بات کریں تو ہمیں کیوں خطرات محسوس ہوتے ہیں کہ ہمیں گالی دی جارہی ہے۔ اس بات کی وضاحت بہت ضروری ہے کہ میرے فاضل سینیٹر صاحب نے کہا کہ کیا پنجاب کو گالی دینے سے کسی کا مسئلہ حل ہوتا ہے، میں پنجاب کو گالی دینے کے سخت خلاف ہوں اور یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میرا تعلق ایک چھوٹے صوبے سے ہے۔ جب ہم احساس محرومی کی بات کرتے ہیں تو ہم اس مخصوص سوچ کی بات کرتے ہیں۔ آپ خود اس سوچ کو ڈھونڈیں، اپنے صوبے سے تعلق رکھنے والی اس سوچ کو ڈھونڈیں جس کی وجہ سے یہ باتیں ہو رہی ہیں۔ اس طرح کے سوالات اس House of Federation میں کیوں اٹھتے ہیں۔ اس لیے کہ مخصوص سوچ جب اپنے مخصوص مفادات کا تحفظ کرے گی تو میرے خیال میں آپ اپنے صوبے کے عوام کے ساتھ بھی زیادتی کر رہے ہیں۔

جہاں تک چھوٹے صوبے کی بات ہے تو CPEC کے حوالے سے یہاں بات کی گئی کہ سندھ کو بہت زیادہ فائدہ ہے، اگر سندھ کو بہت فائدہ ہے اور دو چھوٹے صوبوں کے احساس محرومی کی بات کرتے ہیں تو سندھ ان کے ساتھ بھی کھڑا ہے۔ سندھ کہتا ہے کہ CPEC کے حوالے سے جتنے بھی projects ہیں، وفاق کی علامت کے طور پر چاروں صوبوں کی نمائندگی ہے تو ان کے احساس محرومی کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ یہ دلیل نہیں ہونی چاہیے کہ ایک چھوٹے صوبے کا فائدہ ہے اس لیے وہ دوسرے دو چھوٹے صوبے کا ساتھ نہیں دے گا۔ اگر پنجاب کے مفادات بہتر انداز میں deliver ہوں گے تو ہم اس کا بھی ساتھ دیں گے کیونکہ ہم پنجاب کے عام عوام کے ساتھ ہیں، وہ ہمارے بھائی، ساتھی اور ہمارے جسم کا حصہ ہیں۔ اس لیے یہ غلط فہمی نہ پھیلائی جائے کہ پنجاب کے خلاف بات ہو رہی ہے۔ یہ ایک مخصوص سوچ کے خلاف بات ہو رہی ہے۔ لہٰذا یہ بات clear ہونی چاہیے کہ جہاں ہم CPEC کی بات کرتے ہیں تو اور بہت سے issues بھی ہیں۔ آپ نے کہا کہ CPEC میں بجلی کے حوالے سے سندھ کو فائدہ ہے مگر دوسرے بہت سارے issues ہیں۔ انڈس واٹر کمیشن میں تین صوبوں کی نمائندگی نہیں ہے۔ پانی کے بہت بڑے اہم issues ہیں، اس کے علاوہ بھی آگے چل کر بہت سے issues آنے والے ہیں۔ وہاں ایک صوبے کی نمائندگی ہے۔ جب ہم اپنے صوبوں کی نمائندگی کی بات کریں تو قطع نظر اس بات کے کہ ہم پنجاب کے خلاف نہیں، پنجاب سے گلہ نہیں کرتے، پنجاب سے شکوہ نہیں کرتے کیونکہ وہ بھی پاکستانی ہیں، وہ بھی پاکستان کا حصہ ہے۔ میرے خیال میں

چھوٹے صوبے اگر اپنے احساسِ محرومی کی بات کریں تو اسے divert نہ کیا جائے، غلط فہمیاں نہ پیدا کی جائیں۔ میرے خیال میں سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ اس ہاؤس آف فیڈریشن میں اگر آپ غلط فہمی پیدا کریں کہ تین چھوٹے صوبے اس کے خلاف ہیں۔ اگر سندھ CPEC میں accommodated ہے تو باقی چھوٹے صوبے سوال کر رہے ہیں۔ جب بڑا بھائی ملکیت کے حوالے سے چھوٹے بھائیوں سے زیادتی کرے گا تو وہ اپنے اڑوس پڑوس کے کسی بڑے محلے والے کو ضرور شکایت کرے گا۔ اس لیے یہ شکایتیں ہیں جن پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، زخموں پر مرہم رکھنے کی ضرورت ہے اور غلط فہمیاں دور کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر اس طرح کی debate کی جائے کہ آپ اپنے احساسِ محرومی کی بات بھی یہاں نہیں کر سکتے کیونکہ یہ پاکستان کا ایشو ہے اور وفاق کا ایشو ہے تو ہم ہی وفاق کے سب سے بڑے داعی ہیں، ہم سب سے بڑے حامی ہیں وفاق کے، ہم نے قربانیاں دی ہیں وفاق کے لیے۔ آپ کی سوچ چھوٹے صوبوں کو مجبور کر رہی ہے اور CPEC اتنا اہم issue بن گیا ہے کہ دانشمندی کا مظاہرہ کرنا پڑے گا۔ عقل و فہم اور برداشت سے کام لینا پڑے گا۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو خدانخواستہ، میں الیاس بلور صاحب کے الفاظ کو دہراؤں گا کہ آپ فیڈریشن کو خطرات میں ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جب آپ کہتے ہیں کہ یہ اس حکومت کا ایک تاریخی کارنامہ ہے تو میں کہتا ہوں کہ اس حکومت کا نہیں ہے، اس سے پہلی حکومتوں کا بھی ہے لیکن چلیں اگر ہم کریڈٹ دے بھی دیں مگر ہم زیادتی برداشت نہیں کریں گے۔ ہم قطعاً برداشت نہیں کریں گے کہ آپ ہمیں یہ لالی پاپ دے دیں کہ آپ کو فائدہ ہے، اس لیے دو صوبوں کی بات نہیں کریں۔ ہم کہتے ہیں کہ آپ کو بھی ان کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ یہ فیڈریشن، یہ وفاق مضبوط ہی تب ہو گا جب آپ اپنی سوچ کو تبدیل کریں گے۔ یہ صرف CPEC کا issue نہیں ہے، یہ وفاقی اداروں کے اندر چھوٹے صوبوں سے زیادتیوں کا generally ایک issue ہے۔ یہ باتیں شوقیہ طور پر نہیں کی جاتیں بلکہ یہ دلیل پر مبنی ہیں، یہ ایک سوچ ہے، ہم اپنے صوبوں کے عوام کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ لہٰذا، اس طرح کے سوالات تو سامنے آئیں گے:

اس طرح تو ہوتا ہے اس طرح کے کاموں میں

اگر آپ اس طرح کے کام کریں گے تو یہ سوالات اٹھیں گے۔ آخر میں اپنی بات ختم کرتے ہوئے داؤد خان اچکزئی کی اس تجویز کو دہراؤں گا کہ پرائم منسٹر صاحب خود آئیں۔ یا تو ایک APC call کریں کہ مئی والی APC کے بعد اتنے سارے تحفظات آخر کیوں اٹھے ہیں۔ اگر ایسے تحفظات سامنے آئے ہیں تو انہیں

ختم کرنا پڑے گا۔ اگر ختم نہیں کیے تو اس طرح کے سوالات آج ایوانوں میں ہیں تو کل یہی سڑکوں اور راستوں پر اٹھائے جائیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ اس سے پہلے کہ میں وزیر صاحب کو دعوت دوں، اراکین کی اطلاع کے لیے عرض کر رہا ہوں کہ کل Annual Report of the National Economic Council for the Financial year 2013-14 will be discussed in the House. یہ رپورٹ Orders of the Day پر ہو گی، یہ رپورٹ lay ہو چکی تھی۔ جی وزیر برائے پارلیمانی امور۔

Sheikh Aftab Ahmed, MoS for Parliamentary Affairs

شیخ آفتاب احمد (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور: جناب چیئرمین! یہاں CPEC کے حوالے سے بہت تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ہر محترم سینیٹر نے اپنے point of view سے اپنے arguments دیے۔ عمومی طور پر یہ تاثر سامنے آیا کہ شاید اس CPEC منصوبے کے ثمرات چھوٹے صوبوں تک نہیں پہنچیں گے۔

جناب چیئرمین! CPEC کا منصوبہ حکومتِ چین اور پاکستان کے درمیان ایک معاہدہ ہے۔ اس منصوبے کے تحت بہت سے سیکٹرز میں investment کی جا رہی ہے۔ چھیالیس (46) ارب ڈالرز کے اس پیکج میں تقریباً 34 ارب ڈالرز صرف energy کے شعبے پر خرچ کیے جا رہے ہیں۔ یہ پاکستان کے ذمے کوئی loan نہیں ہے، وہ companies اگر اپنے بینکوں سے loan لیتی ہیں تو یہ ان کی اپنی ذمہ داری ہے۔ وہ کمپنیاں یہاں آ کر energy کے منصوبے لگا رہی ہیں۔ بعض منصوبے ایسے بھی ہیں جن میں ہماری مقامی کمپنیاں بھی ان کے ساتھ partnership میں کام کر رہی ہیں۔

جناب چیئرمین! جہاں تک توانائی کے شعبے کی بات ہے تو اس میں coal, solar, wind and hydel projects پر کام شروع کیا گیا ہے۔ میں سب سے پہلے coal کی بات کروں گا۔ آپ یہ دیکھیں کہ پورٹ قاسم پر 660 میگاواٹ کے دو منصوبے زیرِ تعمیر ہیں۔ ان سے 1,320 میگاواٹ بجلی ان شاء اللہ، ہمیں 2017 میں ملے گی۔ اس کے علاوہ دوسرا منصوبہ تھر کا ہے۔ اس میں اندرون سندھ تھر کے مقام پر 230 میگاواٹ کے دو منصوبے جو کہ 460 میگاواٹ بنتے ہیں، لگائے جا رہے ہیں۔ یہ بھی انشاء اللہ، 2017 میں مکمل ہو جائیں گے۔ تیسرا منصوبہ ساہیوال کا ہے۔ ساہیوال میں 660 میگاواٹ کے دو منصوبے یعنی 1,320 میگاواٹ کے لگائے جا رہے ہیں۔ یہ کوئلے

سے بجلی بنانے کے منصوبے ہیں۔ انشاءاللہ، یہ بھی 2017 کے اختتام تک مکمل ہو جائیں گے۔ آپ دیکھ لیجیے کہ یہ چار منصوبے ہیں، ان میں سے صرف ایک منصوبہ ساہیوال، پنجاب کا ہے جبکہ باقی تین منصوبوں کا تعلق پنجاب سے نہیں پاکستان سے ہے۔

جناب چیئرمین! جہاں تک hydel منصوبوں کا تعلق ہے تو اس حوالے سے تین feasibility reports بن چکی ہیں۔ ان میں ایک سکی کناری منصوبہ ضلع مانسہرہ میں ہے جس سے ہم expect کر رہے ہیں کہ 870 میگاواٹ بجلی ملے گی۔ اس کے لیے زمین acquire کی جارہی ہے اور یہ منصوبہ بہت جلد شروع ہونے والا ہے۔ اس کے بعد کروٹ آزاد کشمیر میں 720 میگاواٹ بجلی کا منصوبہ لگایا جارہا ہے۔ کوہالہ آزاد کشمیر میں بھی 1,100 میگاواٹ کا منصوبہ ہے جو کہ اس وقت under process ہے۔

اس کے علاوہ بہاولپور میں تقریباً 400 میگاواٹ کا Solar Project ہے جس میں سے 100 میگاواٹ complete ہو چکا ہے اور وہ نیشنل گرڈ میں آچکا ہے جبکہ 300 میگاواٹ پر کام جاری ہے۔ ہم expect کر رہے ہیں کہ 2017 کے شروع میں انشاءاللہ، یہ مکمل ہو جائے گا۔

اس کے بعد ہمارا ایک wind کا منصوبہ ہے جو کہ ٹھٹھہ جھاپر کے مقام پر ہے۔ یہ ایک corridor ہے جہاں یہ تقریباً 200 میگاواٹ کا منصوبہ ہے جس میں 100 میگاواٹ کا ایک ہے جبکہ 50 میگاواٹ کے دو منصوبے ہیں۔ ہم expect کر رہے ہیں کہ انشاءاللہ، ان پر بھی جلد کام شروع ہو جائے گا۔ اب یہ کہنا کہ کوئی کام نظر نہیں آرہا تو میں نے آپ کے سامنے detail رکھ دی ہے۔ آپ جہاں سے بھی اسے verify کرنا چاہیں، یہ آپ کا حق ہے کہ آپ اس پر بات کریں۔

جناب چیئرمین! سب سے زیادہ جو بات کی گئی، وہ western اور eastern route کے حوالے سے ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ چھوٹے صوبوں کو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ میں واضح کرنا چاہوں گا کہ خنجراب سے لے کر برہان تک کا تمام علاقہ گلگت بلتستان اور پختونخوا میں آتا ہے۔ پختونخوا کے تقریباً پانچ اضلاع ایسے ہیں جن کے اندر سے یہ سڑک گزر کر آرہی ہے۔ یہ جو سڑک آرہی ہے یہ سارے کا سارا منصوبہ پختونخوا کے اندر ہے اور اس میں سب سے بڑا فائدہ پختونخوا کو یہ ہونے والا ہے کہ E35 کا منصوبہ جو برھان سے لے کر حویلیاں تک بن رہا ہے، جب یہ مکمل ہو جائے گا تو پختونخوا اور ہزارہ کے درمیان فاصلے ختم ہو جائیں گے۔ ہزارہ پہلے ہی پختونخوا کا حصہ ہے اب یہ سڑکیں انہیں مزید قریب تر کر

دیں گی۔ جو لوگ پشاور سے چار گھنٹوں میں ایبٹ آباد پہنچتے تھے، اب وہ یہ سفر تقریباً ڈیڑھ گھنٹے میں طے کر لیں گے۔

جناب چیئرمین! یہ کہا گیا کہ اسے پشاور، بنوں کے راستے لے کر جایا جاتا، یہ CPEC کا منصوبہ ہے، چین کی بھی یہ خواہش ہے کہ ہمیں minimum route ملے اور اس کے لیے ہم نے two routes کو منتخب کیا، ایک Eastern route جس پر already Motorway بنی ہوئی ہے۔ اب یہ فیصل آباد سے گوجرہ، وہاں سے ملتان تا سکھر زیر تعمیر ہے، وہاں سے گوادر کی طرف چلی جائے گی اور Motorway سیدھی کراچی سے connect کرے گی۔ اس طرح پورے پاکستان میں motorways کا ایک جال بچھ جائے گا اور تمام صوبوں کے فاصلے بیس گھنٹوں سے کم ہو کر دس گھنٹے رہ جائیں گے۔ اس کا فائدہ پورے پاکستان کو ہے، کسی ایک صوبے کو نہیں ہے۔

جناب والا! جہاں تک Western route کا تعلق ہے، کہا جا رہا ہے کہ وہاں کچھ نہیں ہو رہا۔ پہلے اس کا route برھان سے جا رہا تھا لیکن atomic energy کی کچھ installations کی وجہ سے اسے تھوڑا سا تبدیل کیا گیا اور اب یہ ہکلہ، فتح جنگ، پنڈی گھیب، میانوالی سے ہوتا ہوا ڈی آئی خان جا رہا ہے۔ اس کے five portions میں سے تین کے contracts award ہو چکے ہیں اور وہاں عملی طور پر کام بھی شروع ہو چکا ہے۔ اس کے بعد یہ ڈی آئی خان سے ژوب، کوئٹہ، سوراب اور بسیما سے ہوتا ہوا گوادر کو touch کرے گا۔ آئندہ آنے والے دو سالوں میں ان شاء اللہ پورا پختونخوا گوادر اور بلوچستان کے ساتھ connect ہو جائے گا اور پنجاب سے جو already route جا رہا ہے، یہ بھی connect ہو جائے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم یہاں بیٹھ کر نقشے کو دیکھیں کہ جب ہم چین کے border سے چلتے ہیں تو ہمارے پاس کھلے routes موجود ہیں، تمام motorways موجود ہیں، ہم وہاں سے آ کر پشاور جانا چاہیں، وہاں سے کوہاٹ یا ڈی آئی خان جانا چاہیں، وہاں سے فیصل آباد جانا چاہیں تو یہ تمام کے تمام routes open ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ کسی صوبے کے ساتھ زیادتی اس لیے نہیں ہو سکتی کہ یہ ایک Federation ہے، ہم سب پاکستان کے رہنے والے ہیں اور ہمیں پاکستان سب سے زیادہ عزیز ہے۔

جناب چیئرمین! چونکہ یہ منصوبہ short term نہیں ہے، یہ 2030 تک جائے گا۔ اس میں بہت ساری چیزیں ابھی سامنے آنی ہیں، ہم نے اس میں agriculture کو develop کرنا

ہے، ہم نے پشاور سے کراچی تک ریلوے کا double track بنانا ہے، اس پر بھی already کافی کام ہو چکا ہے اور PC-I بن رہا ہے، یہ منصوبہ بھی ان شاء اللہ بنے گا۔ جب پشاور سے لے کر کراچی تک ریلوے کا dual track بن جائے گا تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر سفر میں مزید آسانیاں پیدا ہو جائیں گی۔ جناب والا! جہاں تک گوادر کا تعلق ہے، یہاں کہا گیا کہ وہاں کوئی berth نہیں ہے، وہاں three berth کام کر رہی ہیں اور 80 berths مزید بنائی جائیں گی۔

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: جناب والا! ہمیں agreement چاہیے، یہ باتیں ہم سن چکے ہیں، ہمیں agreement دکھا دیں۔

جناب چیئرمین: جمالدینی صاحب! اتنی مفصل بات ہوئی ہے، let him wind up. جی۔

شیخ آفتاب احمد: جناب والا! وہاں بائیس ارب روپے کے ساتھ ایک new airport بنایا جا رہا ہے، وہاں دو ڈیم بنائے جا رہے ہیں تاکہ لوگوں کو پینے کا صاف پانی مل سکے، شہر کے لیے ایک plant لگایا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ گوادر میں توانائی کے لیے 300 MW بجلی کا منصوبہ لگایا جا رہا ہے۔ گوادر کا ایک master plan بن چکا ہے اور وہاں LNG کے لیے ایک terminal بھی بنایا جا رہا ہے، یہ کہا گیا کہ وہاں terminal نہ ہونے کی وجہ سے ہمیں مشکلات آ رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ گوادر میں ایک ہسپتال بنایا جا رہا ہے۔ جناب والا! یہ free zone ہے، اس لیے ہماری خواہش ہے کہ دنیا کے investors آئیں، یہاں investment کریں تاکہ اس حکومت کے ذہن میں بلوچستان کا جو نقشہ ہے، ہم اسے build up کرنا چاہتے ہیں، اس میں زیادہ سے زیادہ جب investment باہر سے آئے گی، investment باہر سے تب ہی آتی ہے جب انہیں کوئی attraction دی جائے۔ جناب والا! گوادر میں ایک Special Economic Zone ہو گا، چاروں صوبوں میں economic zones بنائے جائیں گے اور یہ zones وہاں کے وزراء اعلیٰ کے مشورے سے بنائے جائیں گے۔

جناب والا! یہ تو ابھی چند سالوں کے منصوبے ہیں، اس منصوبے نے 2030 تک جانا ہے۔ ہم نے اس ملک میں agriculture کو develop کرنا ہے، ہم نے تعلیم کو مزید آگے لے کر جانا ہے، ہم نے صحت کی سہولیات کو مزید آگے لے کر جانا ہے۔ میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جب

لاہور موٹروے کا منصوبہ شروع ہوا تو بہت زیادہ تنقید کی گئی، میں اس وقت قومی اسمبلی کا ممبر تھا، اس وقت کہا گیا کہ یہ پیسا ضائع کیا جا رہا ہے، آج ہم میں سے ہر شخص موٹروے پر سفر کرتا ہے اور اگر آج ہمارے پاس یہ motorways نہ ہوتیں تو ہم پشاور سے لاہور تک کا سفر تیس گھنٹوں میں بھی طے نہیں کر سکتے تھے۔ وہی لوگ جو اس پر تنقید کرتے تھے، آج کہتے ہیں کہ یہ نواز شریف کا vision تھا اور ان کا فیصلہ درست تھا۔ مجھے یاد ہے کہ جب راولپنڈی اور اسلام آباد میں Metro Bus بن رہی تھی تو یہاں بہت تنقید ہوئی، قومی اسمبلی میں بھی اس پر بہت debate ہوئی، کہا گیا کہ درخت کاٹ دیے گئے ہیں، میں نے کہا تھا کہ اگر تین ہزار درخت کاٹے گئے ہیں تو ہم ان شاء اللہ اسلام آباد میں اٹھارہ لاکھ درخت اور لگا رہے ہیں۔ آج Metro Bus کے اندر تل دھرنے کی جگہ نہیں ہے، روزانہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ لوگ اس پر سفر کرتے ہیں، آج کوئی تنقید نہیں کر رہا۔ Orange Train پر تنقید ہوتی ہے، جب وہ منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچے گا ان شاء اللہ اس پر بھی باتیں ختم ہو جائیں گی۔ وفاقی حکومت کراچی میں بسیں چلانے کا منصوبہ بنا رہی ہے اور وہ منصوبہ جلد پایہ تکمیل تک پہنچنے والا ہے۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ آج جو تنقید ہو رہی ہے کہ CPEC کا منصوبہ صوبوں کو benefits نہیں دے رہا، ان شاء اللہ آنے والے وقت میں ہمارے تمام معزز بھائی کہیں گے کہ یہ منصوبہ بھی نواز شریف کے پہلے منصوبوں کی طرح ہے۔ آپ اس Chair پر آئے، میں چونکہ اس ایوان کا بھی ممبر رہتا ہوں، آپ نے اس کا وقار بلند کیا۔ اگر نواز شریف کے آنے سے پاکستان کا وقار بلند ہوا، پاکستان کو ایک vision ملا، پاکستان نے ترقی کا راستہ اختیار کیا تو پھر ہمیں اسے admit بھی کرنا چاہیے اور appreciate بھی کرنا چاہیے۔ یہاں چھوٹے صوبوں کی بات کی گئی، میں سمجھتا ہوں کہ پنجاب کے لوگ جتنا احترام دوسرے صوبوں کا کرتے ہیں شاید ان صوبوں میں ہمارا اتنا احترام نہ ہو لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان ایک Federation ہے، ہم نے مل کر چلنا ہے اور یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ نواز شریف جیسا لیڈر پاکستان کے پاس موجود ہے اور وہ پاکستان کو ایک بلندی پر پہنچانا چاہتے ہیں۔ ان شاء اللہ میں یقین دہانی کراتا ہوں کہ اس حکومت میں کوئی قدم ایسا نہیں اٹھے گا جو پاکستان کے مفادات کے خلاف ہو، جو بلوچستان کے مفادات کے خلاف ہو اور سندھ یا خیبر پختونخوا کے مفادات کے خلاف ہو۔

جناب چیئرمین! باقی یہاں پر بات کی گئی کہ آپ لوگوں کی وجہ سے ملک دو ٹکڑے ہوا۔ جناب چیئرمین! نہ اس وقت ہم تھے اور نہ آپ تھے۔ اس وقت تک یحییٰ خان کی حکومت تھی جب یہ ملک دو ٹکڑے ہوا۔ ہم تو اس وقت تھے ہی نہیں۔ اس لیے یہ الزام بھی آپ ہم پر نہ لگائیں۔ میری گزارش ہو گی کہ آپ یہاں پر جو بھی debate کریں ہم اس کو خوش آمدید کہیں گے لیکن جناب چیئرمین! وہ پاکستان کے لیے ہونی چاہیے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! شکریہ کہ آپ نے بڑا مفصل جواب دیا۔ اب جو سوال جمالدینی صاحب نے کیا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کوئی agreement ہے؟

شیخ آ فتاب احمد: جناب چیئرمین! یقینی طور پر حکومتوں کے درمیان آپ مجھ سے بہتر سمجھتے ہیں کہ agreements ضرور ہوتے ہیں لیکن جس طرح میں نے کہا کہ جہاں تک انرجی کا تعلق ہے۔ 100% ان کا کوئی loan نہیں ہے۔ باقی یہ منصوبوں کے تحت ہوتے ہیں۔ اب جس طرح ہمارا D.I. Khan کا جو منصوبہ ہے اس میں چین کی کوئی investment نہیں ہے۔ یہ ہمارا PSDP کا اپنا منصوبہ ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، وہ آپ کی بات درست ہے۔ آپ تشریف رکھیں۔ میرا یہ خیال ہے کہ it will be unfair that asking this question اور ان سے یہ کہیں کہ overall agreement ہے یا نہیں ہے۔ آپ وہ پھر لائیں گے یا نہیں لائیں گے۔ میرے خیال میں ان پر یہ unfair ہو گا۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ذرا ان سے ایک دو باتیں اور پوچھ لوں پھر آپ سے بات کروں گا۔ منسٹر صاحب! آپ مجھے یہ بتائیں کہ Minister for Planning کب تشریف لائیں گے؟

شیخ آ فتاب احمد: جناب چیئرمین! کل وہ یہاں تشریف لائے تھے تو انہوں نے کہا کہ میں کراچی جا رہا ہوں۔ میری بڑی important meeting ہے۔ اگر کل آپ میرا business کر لیں تو میں نے کہا ٹھیک ہے میں کر لوں گا آپ چلے جائیں لیکن میں ان سے یہ نہیں پوچھ سکا کہ وہ کب واپس آ رہے ہیں۔ میں صبح ان شاء اللہ ان سے پوچھ لوں گا۔

جناب چیئرمین: آپ یہ کر لیجیے گا کہ آپ ان سے آج رات کو یا صبح پوچھ لیں۔ آپ نے wind up کر دیا ہے۔ اب صرف agreement کا سوال رہ گیا ۔ میں اس میں آپ

کو embarrassنہیں کرنا چاہتا کہ آپ کوئی commitmentکریں پھر وہ commitmentپوری نہ ہو۔It is not fairآپ نے wind upکیا۔آپ نے پورے بیس منٹ بات کی۔آپ نے جواب دیا ہے لہذا that burden I don't want to put on you.تو آپ ان سے پوچھ لیجیے گا اگر وہ کل اسلام آباد میں ہوں تو وہ کل ہاؤس میں تشریف لے آئیں on this one point and it would not take more than 5 minutes.ٹھیک ہے۔اگر وہ کل نہیں آ رہے ہیں تو پرسوں لازمی پھر آئیں کیونکہ پرسوں جمعے کا دن ہے اور وہ ہمارا آخری دن ہو گا۔پرسوں آ کر پھر وہ اس بات کا جواب دے دیں۔ٹھیک ہے۔میرا خیال یہ ہے جمالدینی صاحب،تاج صاحب،الیاس صاحب اور باقی تمام دوست!یہ fairہو گا it is not fair to put the burden on him. Let the Minister concerned come and take on the question of the agreement and if there is an agreement, is he willing to place in the House or not? If he is not then I will see what steps I am to take Thank you. I think, I ٹھیک ہے۔but let us wait for the Minister. but ہاںItem No. 4 take upکر لیں گے will now adjourn the House not today. I will adjourn the House کیونکہ APAکا dinnerبھی ہے تو لہذا میں ہاؤس کو ابھی adjournکر دیتا ہوں۔

The House stands adjourned to meet again on Thursday, the 28th July, 2016 at 3:00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 28th July, 2016 at 3:00 p.m.]

Engr. Khurram Dastgir Khan 81
Khawaja Muhammad Asif 35, 56, 66, 71, 72
Lt. Gen.(R) Abdul Qadir Baloch 76
Mr. Akram Khan Durrani 14, 23, 51, 53
Mr. Shahid Khaqan Abbasi 3, 46
Mr. Zahid Hamid 63
Mrs. Anusha Rahman Ahmad Khan 100, 101
Sardar Muhammad Yousaf 34, 61
Senator Ahmed Hassan 2, 53, 56
Senator Aitzaz Ahsan 105
Senator Chaudhary Tanvir Khan 2, 7, 33, 35, 45
Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 108, 110
Senator Hidayat Ullah 80
Senator Mohammad Azam Khan Swati 62, 75, 76
Senator Muhammad Talha Mehmood 57, 63, 65
Senator Mukhtiar Ahmed Dhamrah @ Aajiz 50
Senator Mushahid Hussain Sayed 102
Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq 101
Senator Shahi Syed 77
Senator Sirajul Haq 71
Sheikh Aftab Ahmed 7
جناب ریاض حسین پیرزادہ 10, 11, 20, 21, 22, 30, 31, 32, 33, 51, 52
جناب شاہد خاقان عباسی 6, 7, 47, 48, 50
جناب عابد شیر علی 38, 39, 40, 42, 44, 45
سردار محمد یوسف 34, 35
سینیٹر الیاس احمد بلور 12, 45, 48, 95, 96, 97, 99
سینیٹر اے۔رحمٰن ملک 48, 50
سینیٹر تاج حیدر 111
سینیٹر چوہدری تنویر خان 6, 10, 34, 38, 47
سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی 32, 38, 47, 84, 138
سینیٹر سراج الحق 32
سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل 12, 13, 20, 106, 107, 108
سینیٹر سسی پلیجو 113
سینیٹر سعود مجید 122
سینیٹر سعید الحسن مندوخیل 51, 52
سینیٹر شاہی سید 77, 78, 101
سینیٹر فرحت اللہ بابر 119

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی 111
سینیٹر کلثوم پروین 30
سینیٹر محمد اعظم خان سواتی 11, 21, 31, 34, 87
سینیٹر محمد جاوید عباسی 116
سینیٹر محمد داؤد خان اچکزئی ایڈوکیٹ 127
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 41, 89
سینیٹر محمد علی خان سیف 121
سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز 43, 44, 51, 132
سینیٹر مشاہد اللہ خان 39, 79, 99, 100
سینیٹر مشاہد حسین سید 80, 97
سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ 125
سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی 85
سینیٹر نعمان وزیر خٹک 40, 90, 91
سینیٹر نہال ہاشمی 130, 131
شیخ آفتاب احمد 135, 138, 140
محترمہ انوشہ رحمان احمد خان 100, 101